SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, the October 27, 2008

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad , at fifty three minutes past four in the evening with Mr . Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair

---

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان المنٰفقین فی الدّرک الاسفلِ من النار ولن تجد لھم نصیرا O الا الذین تابوا واصلحوا واعتصموا باللہ واخلصوا دینھم للہ فاولٰئک مع المؤمنین۔ وسوف یوتِ اللہ المؤمنین اجرًا عظیمًاO ما یفعل اللہ بعذابکم ان شکرتم وامنتم۔ وکان اللہ شاکرًا علیما O

ترجمہ: بے شک منافق لوگ دوزخ کے سب سے نچلے درجے میں ہوں گے اور آپ ان کے لیے ہرگز کوئی مددگار نہ پائیں گے۔ مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کرلی وہ سنور گئے اور انہوں نے اللہ سے مضبوط تعلق جوڑ لیا اور انہوں نے اپنا دین اللہ کے لیے خالص کرلیا تو یہ مومنوں کی سنگت میں ہوں گے اور عنقریب اللہ مومنوں کو اجرعظیم عطا فرمائے گا۔ اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکرگزار بن جاؤ اور ایمان لے آؤ اور اللہ (ہرحق کا) قدر شناس ہے (ہرعمل کا) خوب جاننے والا ہے۔

(النساء 145-147)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, the October 27, 2008

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at fifty three minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair

---

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان المنٰفقین فی الدّرک الاسفلِ من النار ولن تجد لهم نصیرا O الا الذین تابوا واصلحوا واعتصموا بالله واخلصوا دینهم لله فاولٰئک مع المؤمنین۔ وسوف یوتِ الله المؤمنین اجرًا عظیمًاO ما یفعل الله بعذابکم ان شکرتم وأمنتم۔ وکان الله شاکرًا علیما O

ترجمہ: بے شک منافق لوگ دوزخ کے سب سے نچلے درجے میں ہوں گے اور آپ ان کے لیے ہرگز کوئی مددگار نہ پائیں گے۔ مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کرلی وہ سنور گئے اور انہوں نے اللہ سے مضبوط تعلق جوڑ لیا اور انہوں نے اپنا دین اللہ کے لیے خالص کرلیا تو یہ مومنوں کی سنگت میں ہوں گے اور عنقریب اللہ مومنوں کو اجرعظیم عطا فرمائے گا۔ اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکرگزار بن جاؤ اور ایمان لے آؤ اور اللہ (ہرحق کا) قدر شناس ہے (ہرعمل کا) خوب جاننے والا ہے۔

(النساء 145-147)

جناب چیئرمین، جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل علٰی محمد وعلٰی آل محمد۔ غوری صاحب، points of order ہم لے نہیں رہے۔ مختصر رکھ دیجیے۔

Point of Order

Karachi Stock Exchange and Interest Rates be decreased.

سینیٹر بابر خان غوری، بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں اس وقت بات کرنا چاہوں گا Karachi Stock Exchange کے حوالے سے۔ معاملہ بہت تیزی سے تباہی کی طرف جارہا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ شوکت ترین صاحب نے کل جو میٹنگ کی ہے، اس سے کچھ اچھے نتائج نکلیں گے لیکن اگر یہ سلسلہ نہ رکا اور فوری طور پر interest rate کم نہ کیا گیا تو معاشی بد حالی کا یہ حال ہوگا کہ پاکستان bankruptcy کی طرف جاسکتا ہے۔ ابھی تو flight of capital ہورہی ہے پھر flight of families تک شروع ہو جائے گی۔ مجھے امید ہے اور میں چاہتا ہوں کہ شوکت ترین صاحب سینیٹ میں آئیں اور جو بھی development ہوئی ہے اس کے حوالے سے ہمیں بتائیں۔ اس کے لیے میں رضا صاحب سے چاہوں کہ ان کو بلا کر بتادیں کہ اس حوالے سے کیا کریں گے۔

جناب چیئرمین، جی رضا صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی (قائد ایوان)، جناب چیئرمین صاحب! فاضل رکن from سندھ نے ایک بڑا اہم نکتہ اٹھایا ہے اور جیسا کہ انہوں نے خود بھی اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ حکومت اس بات سے آگاہ ہے کہ یہ ایک نہایت ہی سنگین مسئلہ ہے اور اس میں شوکت ترین صاحب کی ایک meeting, Stock Exchange کے عہدیداران کے ساتھ ہوئی ہے۔ اس میں مثبت پیش رفت بھی ہوئی ہے اور غالباً جمعے کو ان کے ساتھ اسی سلسلے میں ایک اور meeting بھی ہے جس میں یہ progress اور تمام چیزیں review کی جائیں گی۔ جہاں تک اس House کا تعلق ہے تو آپ کو یاد ہوگا کہ جمعے کو میں نے یہاں پر اراکین کے کہنے پر ایک commitment کی تھی اور شام تک آپ کو میں نے communicate کردی تھی اور کچھ honourable Parliamentary Leaders کو بھی۔

جناب چیئرمین، جی شکریہ۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: میں معذرت چاہتا ہوں جن کو میں communicate نہیں کر سکا۔

On Wednesday, the Advisor on Finance will be in the House. So therefore, the debate on the President's address on Wednesday will not take place but we will have a discussion on the financial situation in which he will come and make a statement and in lieu of that debate will continue on Thursday.

اسی ضمن میں جناب چیئرمین! پچھلے جمعہ کو یہ بات ہوئی تھی جو فاضل ممبر from Pakhtoonkhwa نے یہ نکتہ اعتراض اٹھایا تھا' پروفیسر خورشید صاحب نے بھی جو American attack ہوئے تھے اس پر بھی میں نے کہا تھا اور انہوں نے ایک resolution کی بات کی تھی اور ایوان کی بھی کچھ ایسی sense بن رہی تھی۔ میری قائد حزب اختلاف سے اور دیگر تمام پارلیمانی لیڈرز سے بھی بات ہوئی ہے اور ایک مشترکہ draft تیار ہوا ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں قوانین کی suspension کرکے وہ draft پڑھ دوں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین قائد ایوان کے ساتھ معذرت کے ساتھ ایک تو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اس ایوان کی میں سمجھتا ہوں کہ جو تکریم ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر محترم جناب نوید قمر صاحب کو اس سلسلے میں جیسا کہ قائد ایوان نے فرمایا بدھ کو یہاں پر تشریف لانے کے لیے کہا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا وہ ہماری قومی اسمبلی کے رکن بھی ہیں' وہ ہاؤس کو آ کر آگاہ کریں کہ کیا صورت حال رہی اور کیا وجوہات ہیں جن کی بنا پر Karachi Stock Exchange اور پاکستان کے دیگر stock exchanges ان میں downfall ہوا ہے' میرے خیال میں یہ بہتر ہوگا کہ ہم اپنے ممبر کو زیادہ ترجیح دیں۔ اس کے ساتھ ہمیں شوکت ترین صاحب پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا کیونکہ وہ بھی ایک ذمہ دار شخصیت ہیں وہ بھی تشریف لائیں۔

اس کے ساتھ میں ایک گزارش کرنا چاہوں کہ بڑی خوش آئند بات ہے اور میں نے resolution on territorial violation پڑھا ہے وہ بڑی نیک نیتی کے ساتھ draft کیا گیا ہے اس میں کوئی شبہ نہیں ۔ مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے اور اس کو میں اپنی عزت سمجھتا ہوں کہ اس کا حصہ بنوں اور مشترکہ resolution کے طور پر اس کو پیش کیا جائے ۔ وہ اس قابل بھی ہے اور اچھا draft ہے لیکن میں اب یہ سمجھتا ہوں کہ جب مشترکہ اجلاس کے اندر جو قرارداد منظور ہوئی ہے اس کے بعد کسی resolution کی ضرورت نہیں ہے۔ میرے خیال میں پارلیمنٹ نے ایک decisive role ادا کیا اور اس میں ایک مشترکہ قرارداد منظور ہوئی ہے اس میں جو سب سے اہم قرارداد کا حصہ ہے وہ بھی اس ملک کی سلامتی اور سرحدوں کی حفاظت پر زور دیا گیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اب ہمیں implementation کی طرف جانا چاہیئے ۔ اس قرارداد کی روشنی میں ہمیں آگے بڑھنا چاہیئے اور جب پورا ایوان حکومت کے ساتھ ہے اور مشترکہ اجلاس کے قرارداد کے پیچھے پوری قوم کھڑی ہے تو پھر ہمیں کسی complex کا شکار نہیں ہونا چاہیئے۔ ہمیں آگے بڑھنا چاہیئے اور دو ٹوک الفاظ میں ہمیں ان قوتوں کے ساتھ بات کرنی چاہیئے جو اس کی ذمہ دار ہیں اور جو بار بار روزانہ بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اس ایوان کے تقدس کو بھی پامال کیا ہے اور اس قوم کے نظریات' اس کی خواہشات اور اس کے فیصلے کو انہوں نے دوسرے دن جو میزائلوں کے ذریعے پامال کیا اس کا ہمیں نوٹس لینا چاہیئے ۔ ہم اس معاملے میں حکومت کے پیچھے کھڑے ہیں اور کسی complex کا شکار نہیں ہونا چاہیئے ۔ ہم حکومت کی آواز کے ساتھ آواز ملائیں گے اور دوٹوک جواب دینے میں ان کا ساتھ دیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: میاں رضا ربانی۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین! میں فاضل قائد حزب اختلاف کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور سب سے پہلے میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے دو باتیں کیں۔ پہلے انہوں نے نوید قمر صاحب کی بات کی ہے ۔ نوید قمر صاحب یقیناً نہایت ہی قابل احترام ہمارے دوست اور ساتھی ہیں اور کابینہ کے رکن ہیں لیکن اب ان کا portfolio change ہوگیا ہے اور ان کے پاس ports and shipping ہے اور ترین صاحب is one of the 5 advisors under

لہٰذا the Constitution آئین ان کو اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ وہ دونوں ایوانوں میں آکر ایک meaningful debate میں حکومت کی نمائندگی کریں۔ میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ اس وقت portfolio ان کے پاس ہے اور وہ اس کو آگے لے کر چل رہے ہیں اور یہاں پر وہ سٹاک ایکسچینج پر بھی بات کرنا چاہ رہے تھے اس دن زیادہ emphasis IMF کے پاس جانے کا تھا تو کیونکہ وہ اس وقت اس بات کو کر رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ زیادہ effectiveاور بہتر طور پر ایوان کے سوالات کے جوابات دے سکیں گے۔

جہاں تک resolution کا تعلق ہے میں فاضل قائد حزب اختلاف سے مکمل طور پر اتفاق کرتا ہوں کہ جب joint Houses کی ایک resolution آگئی ہے تو پھر daily basis resolution کا آنا resolution کی اپنی افادیت بھی کچھ کم کر سکتا ہے لیکن چونکہ ایوان کی اکثریت کے یہ جذبات تھے لہٰذا ان جذبات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ قرارداد پیش کی جا رہی ہے اور میں ان کو یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میری بات وزیر خارجہ سے بھی ہوئی تھی اور ان کا بھی یہی خیال تھا کہ اب implementation of the resolution کی طرف ہمیں جانا چاہیے اور اس کو منوانے کی طرف جانا چاہیے اور انہوں نے مجھے یہ بات کہی کہ یہاں پر ایوان میں یہ کہہ بھی سکتا ہوں کہ the Foreign Office will be calling the American Ambassador and conveying the protest of the Government on this action particularly in the light of joint resolution. Now, if I have the permission to move the motion.

Mr. Chairman: Yes please.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move under rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that the requirements of Rules 23, 26, 27 and 120 of the said Rules bedispensed with in order to move the resolution.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that the requirements of Rules 23, 26, 27 and 120 of the said Rules be dispensed with in order to move the resolution.

(The motion was carried)

Resolution

Condemnation of the Missile Attacks by US Drones in Pakistani Territory.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, the Senate of Pakistan strongly condemns the missile attacks by US drones in Pakistani territory resulting in immense loss of life, emphasizes that such attacks are most unfortunate and constitute a gross violation of our national sovereignty and territory, underlines that the continued intrusions into Pakistan's territory are harming the Government's effort to seek political solution through dialogue, regards such steps as efforts to undermine Parliament's unanimous resolution, declares that attacks inside Pakistan territory are unacceptable and the Government should take more effective measures to stop them, calls upon the Government to convey Pakistan's strongest protest to the US and NATO ISAF Forces authorities and seek assurance for full respect of Pakistan's sovereignty.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Resolution adopted unanimously.

میرا خیال ہے point of order ابھی نہیں لیتے۔ یہ تو agree ہوا تھا کہ points of order نہیں لئے جائیں گے۔

Point of Order

Murder of a Young Girl in District Khairpur

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی، جناب چیئرمین! خیرپور کی ایک لڑکی ہے، سولنگی tribe سے اس کا تعلق ہے اور اخبار میں News ہے رؤف کلاسرہ صاحب کی کہ اس کو نہایت بہیمانہ طور پر قتل کیا گیا ہے۔ پہلے اس کو کتوں کے آگے دوڑایا گیا۔ جب وہ نڈھال ہوگئی تو اس کو گولی ماری گئی۔ جائیداد کے سلسلے میں یہ واقعہ ہوا ہے۔ اس کے چچا نے یہ حرکت کی ہے۔ اس شہر کے بڑے عمائدین سولنگی tribe کے، میرا خیال ہے کہ اس کا نام اللہ داد سولنگی ہے، انہوں نے اس سلسلے میں جرگہ کیا تھا۔ اس معصوم بچی پر کاری کا الزام لگایا گیا ہے اور اس کو مار دیا گیا ہے۔ اس House سے میری التجاء ہے اور حکومت سے خاص طور پر کہ اس سلسلے میں ایک انکوائری ہونی چاہیے۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ خواتین کو تحفظ حاصل نہیں ہے۔ اگر آپ اخبار کی خبر پڑھیں گے تو رونگٹے کھڑے ہو جائیں گے۔ عورتوں کے خلاف یہ کیا ہو رہا ہے؟ پہلے بلوچستان میں اس طرح ہوا اور اب یہ ہمارے سندھ خیرپور میں ہوا ہے۔ یہ بڑے لوگوں کا شہر ہے۔ پگاڑا صاحب کا شہر ہے۔ چیف منسٹر صاحب کا شہر ہے۔ رضا صاحب سے request ہے کہ وہ اس سلسلے میں ایک انکوائری conduct کروائیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین، میرے خیال میں اس پر discussion ابھی نہیں ہونی چاہیے۔ معاملہ بڑا serious ہے۔ اپنی تقاریر میں cover کر لیجیے گا۔ اب debate شروع ہو گی۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل، جناب چیئرمین صاحب! میں نے اس پر کچھ بولنا ہے۔

جناب چیئرمین، جی، رضا صاحب کے بعد آپ کو موقع ملے گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کے توسط سے House کو اس بات سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ صبح جب میں نے یہ خبر پڑھی تو میں نے چیف منسٹر سندھ کے ساتھ رابطہ کیا تھا۔ چیف منسٹر سندھ سے میری تقریباً صبح ۱۱ بجے کے قریب گفتگو ہوئی تھی اور انہوں نے مجھے یہ بتایا کہ یہ بات ان کے بھی علم میں آج ہی آئی ہے رؤف کلاسرہ صاحب کی جو سٹوری تھی اس کے ذریعے سے اور انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ انہوں نے

already اس کی تحقیقات کے لئے حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کہا ہے کہ اس کے متعلق facts آج ہی کی تاریخ میں ان کو پتہ کرکے بتا دیے جائیں۔

And he had said that he will try and get back to me before the House commences but he is on his way to Islamabad.

اس وقت وہ flight میں ہیں تو یقیناً جیسے ہی وہ یہاں پر پہنچتے ہیں میں ان سے پوچھ کر کل House کو ان facts سے آگاہ کر دوں گا۔ بہرحال حکومت کی یہ commitment ہے کہ خواتین کے ساتھ ایسے نا روا سلوک کو ہم سختی کے ساتھ condemn کرتے ہیں۔ یہ ہماری پالیسی کے بالکل خلاف اور مترادف ہے اور جو بھی اقدام حکومت کو اس سلسلے میں اٹھانا ہوگا وہ بغیر کسی خوف و خطر کے یہ اقدام اٹھائے گی۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی تھہیم صاحب۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق اے تھہیم: جو resolution move ہوا ہے اس کو تو میں support کرتا ہوں مگر اس کے ساتھ ہی میں ایک عرض کر رہا ہوں کہ اسی resolution میں یہی ہے کہ سپیکر صاحبہ ایک کمیٹی بنائیں گی جو implementation کے لئے monitoring کرے گی۔ میں عرض کرتا ہوں کہ سپیکر صاحبہ جلدی سے کمیٹی بنائے۔ Resolution تو ہم پاس کرتے ہیں۔ Implementation کے لئے کمیٹی اس کو بنانی ہے۔ کمیٹی فیصلہ کرے گی کہ کیسے implementation ہو اور کیا action ہو۔ میں یہی عرض کر رہا ہوں کہ سپیکر صاحبہ کو authorize کیا ہے اسی resolution کے context میں۔ Resolution تو unanimous ہے۔ آپ تو condemn کرتے ہیں مگر آئندہ کے لئے جو resolution میں آرٹیکل دئیے گئی ہیں ان کی implementation کے لئے ان کو House کی کمیٹی بنانی ہے۔ وہ کمیٹی جلدی سے بنائیں۔

جناب چیئرمین: رضا صاحب! اس کو آپ coordinate کر لیجیے گا۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, the resolution provides that the Speaker will have to constitute the Committee in consultation with

the leaders of parliamentary parties of both the Houses.

مجھے یقین ہے کہ سپیکر صاحبہ یہ عمل بہت جلد شروع کر دیں گی۔ میں بہرحال ان سے بات بھی کر لوں گا۔

جناب چیئرمین، اور خیر پور کا جو معاملہ ہماری خواتین اور حاجی عدیل صاحب نے بھی raise کیا ہے اور پورے House کے وہ جذبات ہیں' اس کی بھی جیسے ہی information آئے گی وہ بھی بتا دیں۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل، جناب چیئرمین صاحب! یہ concerned Committee کو بھی refer کر دیں۔

جناب چیئرمین، جیسے ہی حقائق آ جائیں۔ اس کے بعد آپ جو بھی فیصلہ کریں گے۔

سینیٹر کامل علی آغا (قائد حزب اختلاف)، مشیر داخلہ کو اگر کسی وقت بلایا جائے اور وہ مکمل رپورٹ کے ساتھ اس معاملے میں ممبران کی بات کو سن لیں اور اس کے اوپر رپورٹ بھی پیش کر دیں تو میرے خیال میں زیادہ بہتر رہے گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، کل یہ کر لیتے ہیں۔ آج چیف منسٹر صاحب سے رپورٹ آ جائے اور وہ میں کل House میں رکھ دوں۔ اگر اس سے تشفی نہ ہو تو پھر یقیناً مشیر داخلہ کو بھی بلا لیں گے۔

جناب چیئرمین، حقائق آ جائیں تو پھر House کے جذبات ہیں اس کے حساب سے چلیں گے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل، جناب چیئرمین! اس ملک میں ایسے واقعات ہوتے ہیں۔ کمیٹیوں میں بحث ہوتی ہے۔ آج تک کسی مجرم کو سزا بھی ملی ہے؟ جب تک کسی کو سزا نہیں ملے گی یہ معاملہ چلتا رہے گا۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

آج وزیر اعلیٰ کے حلقے میں یہ ہوا ہے۔ پہلے بلوچستان میں کچھ واقعات ہوئے ہیں۔ یہ واقعات ہر جگہ ہو رہے ہیں۔ ہم باتیں کرتے ہیں۔ اخباروں میں آرٹیکلز آتے ہیں۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی میں بات کی جاتی ہے لیکن آج تک کسی کو عبرت ناک سزا نہیں ملی ہے۔ تو یہ تو پھر ہوتا رہے گا اس طرح۔

جناب چیئرمین: جی، آغا پری گل صاحبہ۔

سینیٹر آغا پری گل: جناب چیئرمین! ہم پورے سینیٹ کی طرف سے پرزور مذمت کرتے ہیں کہ عورتوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ایک چیف منسٹر کے حلقے میں عورتوں کے ساتھ یہ ہو رہا ہے پھر تو پاکستان کی عورتوں کا اللہ ہی حافظ ہے۔ پھر تو یہ کتے تو کیا یہ تو تمام گلیوں میں کتے چھوڑ کر عورتوں کو اس طرح ماریں گے جس طرح جانوروں کو بھی نہیں مارا جاتا ہے۔ چیئرمین صاحب! اس کی کمیٹی بنائیں۔ چیف منسٹر اسلام آباد آنے کی بجائے اپنے حلقے میں جاتے کہ وہاں کیا ہوا ہے اور کیوں ہوا ہے؟

جناب چیئرمین: حقائق آ جائیں۔ رضا صاحب، جیسے رپورٹ پیش کریں گے۔ اس کے بعد ہم فیصلہ کریں گے۔

سینیٹر آغا پری گل: نہیں اس کو اسلام آباد آنے کی کیا ضرورت تھی وہ حلقے میں جا کر انکوائری کرتا کہ کیوں اس طرح ہوا ہے؟

جناب چیئرمین: جب رپورٹ پیش کریں گے تو انکوائری کرا رہے ہوں گے۔

سینیٹر آغا پری گل: یہ تو اتنی بری بات ہے کہ پاکستانی عورتیں جو ماں بھی ہے، بیٹی، بہن اور بہو بھی ہے، ان پاکستانی عورتوں کے ساتھ یہ ہو رہا ہے۔ یہ تو بہت غلط بات ہے۔ ہم سب اسے condemn کرتے ہیں۔ آپ ایک کمیٹی بنائیں اور کمیٹی کو وہاں اس علاقے میں بھیجیں۔

جناب چیئرمین: حقائق آ جائیں تو پھر جیسے فیصلہ ہوگا۔ اسی طریقے سے ہوگا۔ جو House فیصلہ کرے۔ اس سے کسی کو کیا اختلاف ہو سکتا ہے۔

سینیٹر آغا پری گل: اگر اسی طرح ہوتا رہے گا تو پھر اللہ ہی حافظ ہے۔

جناب چیئرمین: اللہ نہ کرے کہ اس طرح ہوتا رہے۔

سینیٹر آغا پری گل: آپ لوگ اپنی ماں اور بہنوں کی حفاظت کیسے کریں گے؟

Point of Order

A Woman Burnt Alive and a Couple of Baselessly Locked up in a Police Station and Misbehaved in Lahore.

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ: جناب چیئرمین! اس کے علاوہ دو واقعات لاہور میں ہوئے ہیں جس کا انکشاف ATV کی سکرین پر آج بھی میڈیا نے کیا ہے۔ شہناز کو جلا دیا گیا ہے۔ وہ ایک بچے کی ماں تھی۔ اس کو اس کے شوہر اور اس کی بہنوں نے جلا دیا ہے کہ اس نے دوسری شادی کرنی تھی۔

اس کے علاوہ لاہور میں ایک اور واقعہ ہوا ہے' ایک میاں بیوی تھے ان کو بغیر کسی وجہ کے تھانے میں پوری رات رکھا گیا ہے۔ اس کی بیوی کو مردوں کے ساتھ لاک اپ کیا گیا ہے۔ جو پولیس آفیسر وہاں پر تھے پوری رات انہوں نے غلط اُلٹے سیدھے سوال کئے۔ جناب! ہم لوگوں کے یہاں کھڑے ہونے کا مقصد یہ ہے اور پوچھنا ہم لوگ یہ چاہتے ہیں کہ کب تک عورتوں کے ساتھ یہ سلوک کیا جائے گا؟ کب تک یہ کتوں کے آگے ڈال دی جائیں گی؟ کب تک ان کو زندہ درگور کر دیا جائے گا؟ میرا یہ حکومت پاکستان سے سوال ہے۔ ہم خواتین اس سلسلے میں ٹوکن واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس موقع پر حزب اختلاف کے ارکان نے ایوان سے واک آؤٹ کیا)

سینیٹر محمد اسحٰق ڈار: جناب چیئرمین! یہ تو اتنا sensitive معاملہ ہے کہ اس پر پورا ہاؤس واک آؤٹ کر سکتا ہے۔ ہم سب ان کے ساتھ ہیں۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آپ ان کو join کریں اور ان کو لے کر بھی آئیں۔

(اس موقع پر حزب اختلاف کے ارکان دوبارہ ایوان میں حاضر ہوئے)

Mr. Chairman: There were incidents regarding women in Khairpur and Lahore.

یہ اس کے لیے token walk out ہے۔ And Raza sahib will give the details to the House as soon as that is received.

سینیٹر محمد اسحٰق ڈار : بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں صرف resolution کے حوالے سے یہ گزارش کروں گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ Leader of the Opposition نے بڑا valid point اٹھایا تھا۔ اب چونکہ rules ہی suspend ہوگئے ہیں اور resolution پیش بھی ہوگیا ہے، sir, the problem is implementation. میں سمجھتا ہوں کہ اس کی realization both sides of the divide میں ہے کہ جب تک جو resolution pass ہوا ہے اس پر عمل نہیں ہوگا تو کیا ہر روز جو drones آتے ہیں، ہر دوسرے دن آتے ہیں اور attacks کرتے ہیں اور پھر چلے جاتے ہیں تو کیا ہم نے resolutions پر ہی اکتفا کرنا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Leader of the House کی یہ statement House میں کہ جی US Ambassador کو وہاں summon کیا جا رہا ہے اور ان سے یہ protest کیا جائے گا۔ اس دفعہ اس ہاؤس کے prorogue ہونے سے پہلے، حکومت اپنی ایک statement دے، ابھی اگر resolution pass کرنا ہے تو کر لیں، but what resolution means, unless it is implemented. ٹھیک ہے آپ نے condemn کر دیا، ہم سارے روز کرتے ہیں۔ لہٰذا میں Leader of the House سے یہ درخواست کروں گا آپ کے توسط سے کہ وہ مہربانی کرکے یہ undertake کریں کہ اس ہاؤس کے prorogue ہونے سے پہلے، چاہے آپ نے اس ہاؤس کو جمعہ کو prorogue کرنا ہے، پیر کو کرنا ہے یا جب بھی کرنا ہے، حکومت کا جو action ہے، with reference to these tresspasses and territorial tresspasses in Pakistan اس پر جو بھی کارروائی ہو، اب سے لے کر اس وقت تک وہ مہربانی کر کے ہاؤس کو بتائیں اور اس ہاؤس کو confidence میں لیں۔ آپ یہ resolution ضرور pass کریں لیکن یہ enough نہیں ہے۔ بہت شکریہ۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب چیئرمین! مجھے بھی ایک جملہ کہنے کی اجازت دیجیئے۔ میں پہلے تو یہ بات کہوں گا کہ چونکہ اس پر discussion جمعہ کو شروع ہوئی تھی اور میں نے بھی اس میں حصہ لیا تھا بلکہ بحث شروع کی تھی اور ہاؤس کے بیشتر افراد نے اپنی رائے کا اظہار کیا تھا تو جو resolution آیا ہے وہ دراصل اسی کی تاویل میں آیا ہے۔ ایسی بات نہیں ہے کہ وہ اس سے disconnected ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ مجھے بھی اس سے اتفاق ہے کہ محض resolution یا حکومت کی طرف سے زبانی احتجاج کافی نہیں ہے۔ اس لیے اس resolution میں، مجھے خوشی ہے کہ میاں صاحب کی کوشش سے یہ بات ڈالی گئی ہے کہ more effective measures are being taken. جو صاف suggestion ہے، ایک clear suggestion ہے کہ verbal protest کافی نہیں ہے، اب آپ مزید سوچیے۔ ہم نے ابھی اس کو زیادہ concrete نہیں کیا ہے، یہ بات ٹھیک ہے۔ اس لیے میں اپنے بھائی ڈار صاحب کی تائید کرتا ہوں کہ اس resolution کو seriously لیا جائے for outsiders تاکہ انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ now Parliament is giving them a warning and nation is behind them. دوسری طرف حکومت سے بھی کہ verbal protest کافی نہیں ہے اب آپ کو اس معاملے میں کوئی نہ کوئی موثر اقدام کرنا ہوگا اور sovereignty درخواستوں سے اور گزارشات سے defend نہیں ہوتی۔ Sovereignty کی حفاظت کے لیے جرات، قربانی اور ردعمل show کرنا پڑتا ہے اور چھوٹے چھوٹے ممالک نے یہ کیا ہے۔ کیوبا نے کیا، لبنان نے کیا، شمالی کوریا نے کیا ہے، کیا ہم ان سے بھی گئے گزرے ہیں؟ کیا آپ کو معلوم ہے کہ ترکی کی پارلیمنٹ نے جب resolution pass کردیا کہ امریکی فوجیں ترکی کی سرزمین سے نہیں گزرسکتیں تو ان کو اپنا راستہ بدلنا پڑا ورنہ originally ان کا plan یہ تھا کہ وہ دردانیہ (Dardania) سے آئیں گے۔ آخر ہماری پارلیمنٹ کیا اتنی غیر موثر ہے؟ اور ہماری حکومت کیا پارلیمنٹ کے اس clear verdict کو نظرانداز کرے گی اور اس کو enforce نہیں کرے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ڈار صاحب کا مطالبہ بالکل صحیح ہے۔ اس resolution کو اس context میں لینا چاہیے کہ یہ joint Parliament

Resolution کی تائید اور extension ہے اور اس کی violation کا notice لیا جا رہا ہے اور اب ہم چیزوں کو unnoticed نہیں جانے دیں گے اور ہمیں یہ حکومت سے بھی توقع ہے۔ انشاء اللہ پوری قوم کے ساتھ، مجھے پتا ہے کہ ان کے جذبات بھی یہی ہیں، اب ان جذبات کو عملی شکل دینے کی ضرورت ہے، یہ ہمارا مطالبہ ہے۔ شکریہ۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: اس وقت انتہائی ایک غیر یقینی صورتحال پیدا ہوچکی ہے۔ اس وقت آپ کی security forces and armed forces demoralized ہیں، آپ کے لوگ demoralized ہیں۔ میرا یہ خیال ہے کہ اس اتحاد کو پیدا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس پارلیمنٹ کو جس طریقے سے ہمارے صدر صاحب نے کہا، ہمارے وزیر اعظم صاحب نے کہا کہ empowered ہے تو empowered کا مطلب طاقت کا ہونا ہے، نہ ہونا نہیں۔ میرا یہ خیال ہے کہ اس resolution کے پیچھے ایک بہت بڑی قوت ہے اور وہ قوت ہے عوام کی۔ اس لیے ایک یقینی صورتحال پیدا کرنے کے لیے اس اتحاد کو اپنے ملک کی سرحدوں تک لے جانے کی ضرورت ہے کہ ہم ایک ہی message دیں اور اپنے دشمن کو دشمن کہنا میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت بہت بڑا جہاد ہے۔ شکریہ۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: جناب والا! دیکھیں ابھی قرارداد کی سیاہی بھی خشک نہیں ہوئی تھی اور یہ اٹھارھویں مرتبہ ہماری سرزمین کے خلاف حملہ ہوا۔

جناب چیئرمین: یہ سب چیزیں اپنی تقریر میں کہہ سکتے ہیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی: اس پر سنجیدگی سے غور کریں ورنہ ہماری اور مشرف دور کی پالیسی میں کیا فرق ہوا۔ لوگوں کو کچھ تو تبدیلی کا احساس ہونا چاہیے۔ اگر اسی طرح ہم قرارداد پر قرارداد پاس کرتے رہے اور وہاں سے attack پر attack ہوتے رہے تو یہ پوری قوم کے لیے ایک مذاق بن گیا ہے۔ سولہ کروڑ عوام کی گردنیں شرم سے جھکی ہوئی ہیں۔ میں قائد ایوان سے انتہائی مودبانہ التماس کرتا ہوں کہ وہ ہمارے احساسات کو بھرپور طریقے سے وزیراعظم تک پہنچا دیں، صدر صاحب تک پہنچا دیں اور امریکی حکومت کو واضح لفظوں میں کہیں کہ we can not do more. شکریہ۔

Leave of Absence

جناب چیئرمین۔ رخصت کی درخواستیں ۔ چوہدری محمد انور بھنڈر نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 27 تا 31 اکتوبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، سید دلاور عباس نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 24 تا 29 اکتوبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، حافظ عبدالمالک قادری نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 27 تا 30 اکتوبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، مولانا محمد صالح شاہ ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 24 اکتوبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، ڈاکٹر محمد ساعد ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 24 اکتوبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، ڈاکٹر کوثر فردوس نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 24 اکتوبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکی تھیں اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین، مولانا عبدالغفور حیدری نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 27 تا 31 اکتوبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے کیا درخواست منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: We will now start discussion on the President's Address to the Joint Session.

میں اپنے ساتھیوں سے تعاون کی التجا کروں گا کیونکہ یہ فیصلہ ہوا تھا کہ زیادہ سے زیادہ سات منٹ ہر ممبر بولے گا اور یہ کہ دہرائیں مت۔ نئی تجاویز پہلے شروع میں ہی کر دیں تاکہ زیادہ سے زیادہ ہمارے ساتھی بحث میں حصہ لے سکیں۔ اگر زیادہ وقت لیں گے تو پھر کچھ ہمارے ساتھی رہ جاتے ہیں۔ مہربانی کر کے پارلیمانی لیڈر کا وقت زیادہ ہے وہ بھی ان کو پتا ہے، وہ بھی اپنے مقررہ وقت کی سختی سے پابندی کریں اور تمام ممبران بھی۔

We may now discuss on the Presidential Address to the Joint Session of the Parliament. Mr. Nisar A. Memon.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب والا! تاکہ یہ ریکارڈ پر آجائے اور ایک commitment ہو جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ prorogue ہونے سے پہلے یہ سپیکر صاحبہ سے co-ordinate کر کے کمیٹی بھی constitute کرلیں تاکہ دونوں کام ہوجائیں۔ At least وہ کمیٹی اپنا کام شروع کردے گی۔

Mr. Chairman: Convey the House's sentiments and Speaker Sahiba is working on that and I know that.

It may take a while but اس پر کیونکہ پارلیمانی لیڈرز سے بھی discussions چل رہی ہیں I am sure they also realise the importance.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I am not in a position to make a commitment on that. I can only make commitment on what I can deliver and the steps that are taken that I can deliver and I will before the

House is prorogued, inform the House on that. I will convey the sentiments to the Speaker.

Mr. Chairman: Mr. Nisar Memon.

Discussion on the Presidential Address.

Senator Nisar A. Memon: *Bismillah - ir - Rehman - ir - Rahim.* Thank you Mr. Chairman. 20th September 2008 marked the date for the first address by the new President of Pakistan as head of the State and I repeat, as head of State and not as the Co-Chairman of the party. President, according to the Constitution represents the unity of the Federation. I want to congratulate, Mr. Chairman, all the political parties in the Opposition who made it possible to listen to the speech of the President uninterrupted and they have set a new tradition, unlike the deplorable traditions of the past when there used to be noisy scenes. This time the Opposition set of a new tradition to give respect to the Chair of the President of Pakistan and listen to him quietly and now I am happy that we are debating.

اس پوری ڈبیٹ میں کہنے کو تو بہت کچھ ہے مگر میں نے ان کی تقریر کو پانچ حصوں میں رکھا ہے۔ ایک سیاسی ہے، دوسرا سماجی ہے، تیسرا اقتصادی ہے، چوتھا فارن پالیسی کا حصہ ہے اور پانچواں، اس میں چند mis-statements ہیں۔ ان پانچ حصوں میں سے میں پندرہ points صدر پاکستان کے quote کروں گا۔ ہیں وہ جس پر ابھی تک جو violation یا deviation ہو چکی ہیں میں اس کا ذکر کروں گا تاکہ قوم کے سامنے یہ آجائے کہ تقریر کیا تھی اور تقریر کے بعد کیا ہو رہا ہے۔

پہلی بات تو سیاسی طور پر، ان کی تقریر انگریزی میں تھی I will quote. "President said, "I shall not allow politics of vengeance." میں سمجھتا ہوں کہ ان کی اس تقریر کے بعد ہم نے پہلی violation یہ دیکھی کہ سندھ حکومت، جہاں پر ان کی حکومت ہے وہاں پر چیف منسٹر اور ان کے ساتھیوں نے پاکستان مسلم لیگ کے جو پہلے قائد حزب اختلاف تھے، اب پارٹی لیڈر ہیں، چوہدری پرویز الٰہی کے خلاف FIR کاٹی گئی۔ مجھے خوشی ہے کہ اس بارے میں پارلیمنٹ کے اجلاس میں وزیراعظم صاحب نے کہا کہ وہ نہیں ہوگا۔ مگر violation ہوئی اور اس کے بعد ہم نے یہ بھی دیکھا کہ اسی صوبے میں الطاف اثر جو کہ پاکستان مسلم سندھ کے لیڈر ہیں ان کو solitary confinement میں رکھا گیا۔ اس طرح سے کئی پاکستان مسلم لیگ کے لیڈران اپنی constituencies میں جا نہیں سکتے۔ ان کے خلاف اس طرح کی humilitions, arrests اور یہاں تک کہ physical eliminations کے attemps اور ان کو دھمکیاں مل رہی ہیں جس کی اس صورت حال کو کسی صورت میں politics of vengeance یقیناً کہا جا سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ لسٹ بڑی لمبی ہے۔ پاکستان مسلم لیگ اس کو present کرے گی۔

Violation No.2. جو ہوئی ہے وہ پنجاب میں ہوئی ہے جہاں پر ہم نے دیکھا

Number of cases have been instituted against the Pakistan Muslim League leadership including Chaudhry Shujaat and Chaudhry Parvez Elahi and Chaudhry Wajahat

ان کے لوگوں کے اور کئی پاکستان مسلم لیگ کے لوگوں کے cases initiate مختلف طریقوں سے کئے گئے ہیں۔

Violation No.3. مرکزی حکومت نے IB اور FIA کے افسران، وہ نمبر، نظر نہیں آتا کس نمبر سے کال ہوتی ہے، میرا تو یہ خیال ہے کہ اس کو ختم کر دینا چاہیے کیونکہ transparency یہی ہے پتا چلنا چاہیے کہ کون کال کر رہا ہے۔ وہاں سے مرکزی حکومت کے نمائندے identify کرتے ہیں اور ہمارے parliamentarians کو دھمکیاں دے رہے ہیں، عورتوں تک کو انہوں نے نہیں چھوڑا۔

اس کے بعد میں آتا ہوں، نمبر ۲ پوائنٹ جو صدر پاکستان نے کہا تھا in english and I quote, "whole Parliament in the highest esteems and seek guidance from the Parliament."

میں سمجھتا ہوں کہ یہ کہنا تو بڑا صحیح تھا۔ ہم اس کو سراہتے ہیں مگر اگر ہم آگے چلتے ہیں تو انہوں نے اپنی تقریر میں یہ کہا تھا کہ ایک پارلیمنٹری کمیٹی بنے گی جو کہ 17 ویں ترمیم اور 58(2)(B) کو نکالنے کے لیے ان کے الفاظ تھے کہ وہ اس پر نظرثانی کریں گے۔ بہرحال آج چالیس دن ہوگئے مگر اس طرح کی کمیٹی مجھے علم نہیں ہے کہ کوئی کمیٹی بنی ہے۔ اس کے بعد پارلیمنٹ کا joint اجلاس ہوا، جس میں ایک اور پارلیمانی پارٹی کا ذکر ہوا ہے جو کہ نیشنل سیکورٹی پر بنے گی اور اس کا ابھی تک کچھ علم نہیں ہے۔ میرا یہ خیال ہے کہ پاکستان کے عوام صرف نعروں سے، بیانات سے، مطمئن نہیں ہوسکتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ان کی عزت کرنی چاہیے کہ بیانات کو چھوڑ کر اب ہماری یہ جو tendency ہے to have the powers جسے ماضی میں dictatorial powers کہا گیا اور یہاں تک کہ اس کو الیکشن میں رکھا کہ جمہوریت میں یہ اختیارات نہیں ہوں گے۔ آج ایسا لگتا ہے کہ وہ اختیارات تو رکھے ہوئے ہیں اور لوگوں کا اب یہ بھی کہنا ہے کہ شاید ہم ایک پارٹی اور ایک hybrid family کی civilian dictatorial کی طرف جا رہے ہیں۔ جو آگے چل کر مزید سامنے آئے گی۔ اس طرح کی powers کو ہٹایا نہیں گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ resolution جو سیکورٹی کا ہے اس پر تو آج بات ہو ہی گئی اس کو جو violate کیا جا رہا ہے وہ آپ کے سامنے ہیں۔

تیسرا پوائنٹ میں یہ کہوں گا جو اس میں دیا گیا ہے کہ he said that, President very kindly and very rightly said, "we will repect the mandate of 18th February Elections".

میں آپ کو یاد دلاؤں کہ یہاں پر بھی تین، چار major violations آئی ہیں۔ پہلی جو violation سامنے آئی ہے وہ یہ ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کی انیس سیٹیں بلوچستان اسمبلی میں تھیں۔ سب سے بڑی اکثریت والی پارٹی تھی مگر وہاں پر ان کے ممبرز کو دباؤ کے نتیجے میں، ان کی loyalty تبدیل کر کے یا ویسے ہی وہاں پر پاکستان مسلم لیگ کی حکومتنہیں بنانے دی

گئی۔ میرے خیال میں یہ violation ہے اس بات کی کہ یہ الیکشن کے mandate کو مان رہے ہیں۔

دوسرا violation یہ بھی ہوا ہے کہ ممبروں کو جب Presidential Election ہوئے ہیں تو sanctity of vote کہیں نظر نہیں آ رہی تھی۔ یہاں تک کہ شکر خدا کا کہ پچھلی حکومت نے میڈیا کی آزادی کی وجہ سے کیمروں نے catch بھی کیا اور نہ صرف یہ بلکہ ایک صوبے کے چیف منسٹر کو ووٹ دکھاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یہ ساری چیزیں اس بات کی دلیل ہیں کہ صدارتی الیکشن میں کیا کیا violations ہوئی ہیں۔ اس کے بعد ایک اور violation اسی سمت میں ہوئی ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کے جو ممبران ہیں وہ پارلیمنٹری پارٹی، نیشنل اسمبلی، سینیٹ وہاں پر ایک صوبے کے چیف منسٹر، یہ اخباروں میں آیا ہے اور لوگوں نے بھی رپورٹ دی ہے کہ ان کو چیف منسٹر فون کر کے یہ چاہتے ہیں کہ پارلیمنٹری لیڈر کو تبدیل کیا جائے by force اور اس کے لیے forms وغیرہ لیے جا رہے ہیں۔ میرے خیال میں اس طرح کا anti-democratic عمل اور اپنی پارٹی کو چلانے کا عمل تو سمجھ میں آتا ہے مگر دوسری پارٹیوں میں مداخلت پاکستان میں کسی طرح بھی جمہوریت کی خدمت نہیں ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ اس سلسلے میں جو مینڈیٹ ملا تھا، شمالی علاقوں میں پاکستان مسلم لیگ کی اکثریت اور بڑی واضح اکثریت کے ساتھ وہاں پر الیکشن جیتے تھے۔ چھتیس میں سے چوبیس ممبرز پاکستان مسلم لیگ کے تھے۔ وہاں پر وزرا یا جن کو advisor کہا جاتا ہے ان چھ کو administration نے یہ کہہ کر، وہاں پر الیکشن میں سپورٹ کا کہا حالانکہ ان کا تو electoral college بھی نہیں ہے مگر یہ بھی واضح مینڈیٹ جو الیکشن میں ملتا ہے اس کو violate کیا گیا ہے۔

جناب والا! اب ہم آتے ہیں کہ ناردرن ایریا کے لیے کہا گیا ہے and I quote in english, The President says, "Northern Areas" basic rights, representative rule and an independent judiciary

کا قیام ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں اس سے بڑی violation, یہ contradiction ہے، statement ایک ہے عملی طور پر یہ ہوا ہے کہ ایک لیڈی اپوزیشن ایم این اے نے جب قومی اسمبلی میں ایک Bill move کیا کہ ان کی آزادی کے لیے، basic rights representative rule,

independent judiciary کے لیے جو ماضی میں ہوا ہے اس سے کہیں آگے لے جانے کے لیے بل move کیا تو وزیراعظم بیٹھے ہوئے تھے اور وہ ہم نے خود دیکھا کہ وہ اپنے کسی کاغذات پر دستخط کر رہے تھے مگر ان کیپارٹی نے oppose کیا۔ یہ میرے خیال میں deplorable violation ہے fundamental rights of the Northern Areas' people اور ان کے علاقے کے لوگوں کی اور پھر ایک ممبر کی breach of privilege ہے۔ یہ double standard اب پاکستان میں نہیں چل سکتا کیونکہ بڑے واضح طور پر کہا گیا کہ ہم پارلیمنٹ کو مقدس سمجھتے ہیں تو وہ ہمیں کہیں پر نظر نہیں آ رہا۔

کئی ایسی چیزیں ہیں مگر وقت کی کمی کی وجہ سے میں اس کو آگے نہیں لے جاؤں گا لیکن صرف اتنا کہوں گا کہ I can go on and on کہ اگر یہ لیڈر شپ اتنا نیچے گر کر اس طرح کی چیزیں کرتی ہے تو میرے خیال میں یہ پاکستانی عوام کے ذہن میں good governance کی طرف نہیں آتا۔

اب میں ہوں economy کی طرف آتا ہوں حالانکہ میرے علم میں ہے کہ economy پر پرسوں بات ہوگی مگر اس وقت چونکہ انہوں نے فرمایا تھا' "I have a dream of freedom from poverty, hunger, terrorism and disunity آیئے اس میں ' میں کچھ comments اس پر بھی کر دوں کہ violation یہ ہوا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ان کے ساتھ ہاتھ ملایا۔ وزیر خزانہ اپنا دیا اور اس کے بعد کام نہیں چل سکا۔ Unity نہیں رہی' اتحاد ختم ہوا' پھر پاکستان مسلم لیگ کی جگہ پر وہ اپنی پارٹی کا وزیر خزانہ لائے مگر غالباً کامیابی ان کو بھی نظر نہیں آئی تو اب ایک معروف banker کو لایا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ failed governance ہے۔ سات مہینے میں جس میں کہ President of Pakistan at the helm of the affiars رہے چالیس دن میں نہ صرف ملک کے بلکہ پارٹی کے بھی اور انہوں نے اپنے nominated Prime Minister کے through یہ کام کیا۔ اس سلسلے میں violation ایک اور ہوئی ہے کہ new President نے یہ کہا کہ ہم Centre میں National government install کریں گے اور یہ unity رہے گی۔ یہ unity اس وقت نہیں ہے۔

بلوچستان میں leadership نے جو ان کو وہاں پر support کیا تھا اور بلوچستان کے

لیے جو بیانات آئے تھے، یہ اخباروں کی ساری clippings میرے پاس موجود ہیں۔ بلوچستان نے بھی اب اپنے تحفظات بیان کرنے شروع کر دیئے ہیں۔اب میں اس طرف آتا ہوں کہ انہوں نے فرمایا کہ Consensus on provincial autonomy and resources distribution ہم کریں گے۔ میں سمجھتا ہوں یہ صرف باتیں ہیں، کوئی actions نہیں ہیں۔ provinces اس وقت ایک دوسرے کے خلاف کھڑے ہوئے ہیں۔ North Frontier Province کے C.M. نے پنجاب کے خلاف یہ کہا ہے کہ وہاں سے آٹا نہیں آ رہا ہے اور سندھ میں اس وقت قادرپور گیس کے ذخائر کے سلسلے میں احتجاج ہو رہا ہے کہ یہ ہمارے province کا سرمایا ہے اور اس کو privatise نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اب میرا یہ خیال ہے کہ country جو ہے، وہ ابھی تک NFC Award کا کہا گیا تھا کہ پہلے کی حکومت میں کیا گیا تھا، اس وقت کے صدر صاحب نے کیا تھا۔ اب نیا آئے گا۔ اس کا ابھی تک علم نہیں ہے کیا ہوا۔ اور یہ بھی کہا گیا تھا کہ ایف سی آر آئے گا۔ اس کا کیا ہوا، ہمیں علم نہیں ہے۔

اب میں Foreign Policy کی طرف آتا ہوں۔ اس میں انہوں نے یہ فرمایا and I quote, " We shall not allow violation of our sovereignty and territorial integrity by any power.

میرے خیال میں اس ہاؤس نے ایک Resolution پاس کر لیا ہے۔ مجھے مزید کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ ایک طرف تو ایک دن Joint Resolution ہوتا ہےاور دوسرے دن attack ہو جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں جو اس Resolution میں نہیں آیا ہے، ہمیں یہ کرنا چاہیے صرف Ambassador کو بلا کے کام نہیں ہوگا۔ ہمیں، حکومت پاکستان کو اپنی افواج کو instruct کر دینا چاہیے کہ جیسے ہی کوئی مداخلت ہوتی ہے، کوئی ہماری territory میں آتا ہے تو ان کو مار گرائیں۔ چاہے وہ اپنے دوست ممالک کے طیارے کیوں نہ ہوں۔ اس کے علاوہ وہ اردو میں کہتے ہیں لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے، تو یہ ہمیں کرنا ہوگا۔

جناب عالی! میں یہ بھی کہوں گا کہ foreign policy میں انہوں نے انڈیا کے لیے فرمایا کہ It is time for new ideas and it is time for bold commitment, it is time for reconciliation. میں یہ سمجھتا ہوں کہ پارلیمنٹ کو ہمیشہ کہا جا رہا ہے کہ ان کو لیا

جائے گا۔ انڈیا کے سلسلے میں flood gates کھول دیئے گئے ہیں trade کے لیے اور ہمیں معلوم ہے کہ trade کے ساتھ ان کے agents بھی اندر آئیں گے اور وہ سارا سلسلہ شروع ہو چکا ہے مگر پارلیمنٹ کو اس سلسلے میں نہ confidence میں لیا گیا اور نہ ہی کچھ پتہ ہے۔

جہاں تک کشمیریوں کا تعلق ہے، ہم نے کشمیریوں کے لیے ان کو terrorists بھی کہا اور جس کے نتیجے میں ہمارے پاکستان کے لیڈروں کی effigies بارہ مولا میں جلائی گئیں اور یہ سارا ہم سب کو علم ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں پاکستان کے لوگوں کو کشمیریوں کی جدوجہد کے بارے میں full support کرنا چاہیے اور ایسے بیانات سے ہمیں گریز کرنا چاہیے کہ ہم یہ نہ کہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس وقت یہ کہنا کہ new ideas یا bold initiatives تو شاید یہ جو new ideas کی بات ہوگی جب تک ہمارا پانی رکا ہوا ہے وہ رکا رہے گا۔ ہم ideas کی بات کرتے رہیں گے۔ re-conciliation ہم انڈیا کے ساتھ کر سکتے ہیں مگر re-conciliation with our own people, with our own political parties. وہ یہاں پاکستان میں کہیں نظر نہیں آ رہی۔ ہاں اس وقت نظر آتی ہے جب re-conciliation کے نتیجے میں cases واپس لینے کی بات تھی، اس وقت re-conciliation کی بات تھی۔ اب ممکن ہے آئندہ چل کے اگر کوئی cases کی بات ہوگی تو re-conciliation نظر آئے گی۔ پھر میں quote کرتا ہوں کہ We will take our relationship with China to greater high. آمنا و صدقنا میں سمجھتا ہوں Let us do it, بہت اچھا کہا ہے اور یہ action کے ذریعے قوم کو ذریعے دکھایا جائے کہ ہم اس کو نئی heights پر لے جائیں گے۔

پھر یہ کہا جا رہا ہے، and I quote, our endeavour to promote regional and international peace and security. میں دیکھتا رہا کہ اس پوری statement میں foreign affairs پہ کہ صدر پاکستان نے سارک کا کہیں ذکر نہیں کیا۔لوگ یہ پوچھ رہے ہیں کہ کیا سارک میں اب چائنا کے آنے کے بعد اس کو دفنا دیا جائے گا اور regional کی بات کریں گے مگر سارک کے ناطے سے نہیں کریں گے۔ یہ بڑی افسوس ناک بات ہے کیوں کہ اگر

سارک کو ہم نے چھوڑ دیا تو چھوٹے ممالک وہ انڈیا کی domination میں رہے ہیں اور اب بھی اگر سارک ختم ہو جاتی ہے یا ineffective ہو جاتی ہے جو کہ سابق صدر پاکستان، مشرف صاحب نے اس وقت ہاتھ ملا کر شروع کیا تھا اور اس regional cooperation کو بڑھایا تھا، اگر وہ ختم ہو گئی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ This will be at the cost of appeasement of the some of the powers.

اب میں ایک اور violation کی طرف آتا ہوں۔ Foreign Policy میں سارے ممالک کا ذکر ہے مگر Russia کا ذکر نہیں ہے۔ یہ وہی Russia ہےجو ایک سپر پاور تھا اور اب بھی ایک بہت طاقتور ملک ہے اور اس کے یہاں پر Central Asia میں اثرات ہیں، ان کا اثر ہے اور ہمیں چاہیے کہ جو راستے کھولے گئے تھے ماضی کی حکومت میں ان کو اور آگے بڑھایا جائے کیونکہ اگر ہم یہ نہیں کرتے تو ہم یہ سمجھیں گے کہ شاید یہ کسی دباؤ میں آ کے، چاہے وہ بڑے ملک کا ہو یا افغانستان کا ہو یا انڈیا کا، شاید اس کی وجہ سے ہم نہیں کر رہے ہیں۔

یہ تو میں نے ذکر کیا سیاسی اور اقتصادی اب جو چیزیں سماجی ہیں جن میں سب سے بڑا justice to women. I quote, "We cannot reverse by the stroke of pen but turn the tide slowly."

میرے خیال میں اس کو ہم مان نہیں سکتے tide کو slowly turn کرنے کا۔ اگر ہم یہ کہتے ہیں کہ وہاں پر قتل عام شروع ہے۔ اب تو ہماری بچیوں کو کتوں کے حوالے کیا جا رہا ہے اور پھر ان کو shoot کیا جا رہا ہے۔ اس کی بڑی مذمت کوئی نہیں کر سکتا کہ یہ وقت نہیں ہے کہ slow کیا جائے گا۔ باقی چیزیں تو ہم بڑی fast کرتے ہیں۔ Powerجب بڑھانی ہوتی ہےتو بڑا fast کرتے ہیں مگر یہ کام، ہم اپنے بچوں اور عورتوں کی تذلیل برداشت نہیں کر سکتے۔

میں سمجھتا ہوں کہ یہ خاص طور پر بتایا گیا، یہ سی ایم سندھ کی constituency میں ہوا ہے تو میرے خیال میں یہ ان کا بھی مسئلہ ہوگا کہ وہ کس طرح سے اپنا defence کرتے ہیں۔ بہرحال ایک اور کہا گیا کہ self-regulation will be brought in replacing PEMRA and Print Media laws. میں اس کی حمایت کرتا ہوں۔ یہ بہت اچھا قدم ہے۔ مگر آج سات

مہینے ہو گئے ہیں۔ ہمنے سنا ہے کہ اس پہ کام ہوگا مگر ابھی تک اس پر کوئی progress نظر نہیں آئی۔ میں بڑی عزت کے ساتھ یہ کہوں گا کہ میں نے اسے پڑھا and I quote, who has walked from the death cell to Presidency. Did he? میرا نہیں خیال ہے کہ کوئی بھی death cell میں موجود تھے جہاں سے وہ Presidency میں آئے اور وہ تو نیویارک سے آئے تھے۔ دوسرا mis-statement ہے کہ

never before in the history of this country, a President stood here, in Parliament and given away his power. Did he give up the powers? He only appointed a committee which has also not come in.

تو کوئی powers نہیں دی گئی ہیں۔ میں یہ کہوں گا کہ لوگ جب position of responsibility میں ہوں تو اپنی statement بہت احتیاط اور محتاط ہو کر دیں کیونکہ پاکستان کا سماجی fabric ویسے ہی متاثر ہوا ہے اور ان چیزوں سے مزید ہوگا۔ میں یہ کہوں گا کہ پاکستان میں آج ہر طرف احتجاج ہے، چاہے وہ وکلاء کا احتجاج ہو، عورتوں کا ہو، غریب ہاریوں کا ہو یا اس سلسلے میں کراچی میں خاص طور پر ہم دیکھتے ہیں کہ بجلی کے سلسلے میں ہو اور agriculture کے ناقص seedsکے بارے میں ہو۔ ہر طرف احتجاج ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ

while the country is burning, the Nero is singing his songs sitting on the mountain.

تو اس طرح کی چیز نہیں ہونی چاہیے۔ یہ ساری چیزیں، یہ violations یہ failure ہے اور یہ poor governance کی وجہ سے ہوا ہے اور کوئی بھی سمجھدار آدمی پچھلی government کو جس کو گئے ہوئے ایک سال ہوگیا ہے۔ اس پر یا پہلے صدر پاکستان پر الزام نہیں رکھ سکتا ہے۔ میرے خیال میں یہ اب ختم ہو جانا چاہیے۔ پاکستان کے عوام اب اس کو بہت ہی حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں کہ یہ ابھی تک پیچھے والوں کو ذمہ دار قرار دے رہے ہیں۔ میرے خیال میں

"The House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address in both the Houses assembled together on 20th September, 2008."

This is the only agenda, we should be confined for the speech of the President, if we go on, all those aspects at budget have already been discussed.

تو میں عرض کروں گا کہ ہم تھوڑا سا اپنی limitations میں رہیں تو اچھائی ہو گی ویسے تو members کا حق ہے کہ کچھ بھی کرے۔

جناب! ایک اچھی بات ہوئی ہے کہ President of Pakistan نے الیکشن کے چالیس دن بعد آ کر پارلیمنٹ کو address کیا ہے۔ دوسری بات یہ ہوئی ہے کہ پارلیمنٹ میں بڑی خاموشی سے ساری پارٹیوں نے ان کا address سنا ہے، کوئی ہنگامہ نہیں ہوا، کچھ نہیں ہوا۔ اب ہم confined رہیں کہ ان کی کیا باتیں ہیں، میں فقط چار باتوں پر ذکر کروں گا، آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ نمبر ایک، جو صدر صاحب نے کہا ہے۔

(اس موقع پر کرسی صدارت پر جناب پریذائیڈ نگ آفیسر سینیٹر محمد اعظم خان سواتی متمکن ہوئے)

Mr. Presiding Officer: Thank you very much.

Senator Justice (Retd.) Abdul Razaq A. Thahim: As a head of state I wish to make it clear that President and the government must always seek guidance from the Parliament. In carrying out the duties, we are committed to upholding the sanctity of the Constitution, the supremacy of the Parliament and the rule of law. Mr. Chairman, please if you give attention to me, otherwise I would sit down.

Mr. Presiding Officer: Please continue.

Senator Justice (Retd.) Abdul Razaq A. Thahim: Because you are discussing with the Secretary

Mr. Presiding Officer: No, no I was just seeking.....

Senator Justice (Retd.) Abdul Razaq A. Thahim: No, no you may, it is your privilege, I don't.......

Mr. Presiding Officer: Thank you very much.

Senator Justice (Retd.) Abdul Razaq A. Thahim: Number 2. For this the bitterness of the past must give way to reconciliation and harmony. I believe that 1973 Constitution is the only Constitution that can do it, and confession and social contract.

No. 3. Unfortunately accountability has been grossly misused as an instrument of a political goose hunting. I have believed that government has decided to repeal the NAB.

تو یہ points ہیں اور جو آخری point میں deal کروں گا۔

The people of Pakistan have great hopes and expectations from this Parliament. So, in this, President is committed to the Parliament and he admits such commitments that Parliament will be the supreme and will decide.

اس کا out come یہ ہوا کہ پہلے ہی جو Joint Sessions میں ہوا، پارلیمنٹ کے سامنے رکھا گیا اور اسی پر disscussion ہوئی۔ آپ نے دیکھا کہ fully discussion ہوئی، committee form ہوئی اور first time in the history پارلیمنٹ کو empower کرنے کے لیے ایک unanimously resolution pass ہوا، کسی نے dictatorship نہیں کی، کسی نے کچھ نہیں کیا۔ اب انشاء اللہ وہ implement ہو گا۔

So, I appreciate the speech of the President giving supremacy to the Parliament and dissolving the NAB. So, I think Leader of the House may kindly hear that immediately NAB should be dissolved. Still the orders have not been passed and we are reading in the papers that the NAB is taking cognizance of some cases.

تو اس لیے اسی چیز پر میں عرض کروں گا کہ first time پارلیمنٹ کو supreme مانا گیا ہے اور first time unanimously all parties نے resolution pass کیا ہے۔ یہ پہلی بار ہے، نہیں تو اپوزیشن بھی ہوتی تھی، اس کو اپوزیشن نے اور سب پارٹیوں نے متفقہ طور پر pass کیا ہے

and that was the good gesture immediately after the President's speech. This House has discussed the terrorism and passed the resolution and also asked the Speaker to form a Committee.

دوسری بات یہ ہے جو میں ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ 17th Amendment کی بات ہوئی اس پر بھی پارلیمنٹ کی کمیٹی بنی تھی۔ پانچ افراد اپوزیشن سے اور پانچ حکومت سے۔ جو ہم نے recommendations دیں وہ Heads of Parties کے پاس پیش نہیں ہوئیں اور اس

میں conspiracy ہوئی اور 17th Amendment ہوئی۔ میں اس کمیٹی کا member تھا۔ پانچ اپوزیشن سے members تھے اور پانچ حکومت کی طرف سے مگر وہ ساری recommendations کہاں گئیں اور

by way of some conspiracy 17th Amendment was passed and we don't know who were the members of the Committee. And now, I think government will repeal this 17th Amendment. So, I want to make the record that how it is done. If again committees are made and their recommendations are not placed before the proper authorities, God save what will happen. There was a question of Judiciary, I am sorry, I was an Advocate, I was Judge of two Courts, High Court and Shariat Court. One of my friends has touched this crucial point. With great hesitation with, great respect, it is need of the hour that judiciary should be independent but if judiciary is not allowed to be independent sir, I am giving a record ....

Senator Mian Raza Rabbani: Sorry to interrupt you sir.
اوپر galleries میں آواز نہیں جا رہی، تھہیم صاحب کی آواز نہیں جا رہی ہے مہربانی کر کے direct کروا دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، Mic سے آواز نہیں آ رہی ہے۔ Please check the loudspeaker and make sure that it is properly working. جی جناب۔

Senator Justice (Retd.) Abdul Razak A. Thahim: Mr. Chairman, with great hesitation I recall 120 minutes talks between the Judge and the Prime Minister. Would it be the matter of record in which directions were given to the Judge, I don't name it who is not now a

Judge but we certainly left some important points that please convict such and such persons by Monday and give a punishment of seven years. This is a matter of record, it has come in the papers. If functionaries don't allow the Judiciary to be independent and direct them to punish and on the crucial date otherwise he and his Chief Justice will be sent to jail. If this happens and here we say that Judiciary should be independent. Sir, it is a matter of record that Supreme Court was attacked. What happened? Everybody knows. There are so many instructions. I have written a book, Judges, case and Judiciary and with all these factors that how Judiciary was not allowed to be independent. So, the government should allow the Judiciary to be independent which was not allowed earlier and forcibly the punishments were got through the Judges. So, these all are very very harmful matters which are to be considered and I have been requesting the Senate and the government that in Judges case, now the Judges scandal which is going on for one year, all Judges are in the politics, that some Commission to be formed. Government has not formed the Commission and now which is being done. So, these things should be considered. To sum up I say, I have given four points of the President that we go according to the Parliament, he has faith in the Parliament and the first case came against the terrorists which was heard by the Parliament and unanimously passed and *Insha Allah* Parliament would be supreme and country will come out of the crises which our friends have pointed out. Thank you very much.

(Thumping of the Desks)

Mr. Presiding Officer. Haji Muhammad Adeel Sahib.

Senator Haji Muhammed Adeel: Thank you Mr. Chairman.

کل حزب اختلاف کی طرف سے آواز آئی تھی اور وہ رچرڈ باؤچر کے حوالے سے تھی کہ شاید اس کو پاکستان نے گرین کارڈ دیا ہے۔ آپ تو جانتے ہیں کہ گرین کارڈ کیسا ہوتا ہے۔ جب اس کا جی چاہتا ہے وہ پاکستان آتا ہے۔ میں نے تحقیق کی تو پتا چلا کہ پاکستان کی اس حکومت نے تو کوئی گرین کارڈ اس کو جاری نہیں کیا البتہ مشرف کی حکومت نے اس کو گرین کارڈ جاری کیا تھا جو جنوری میں expire ہو رہا ہے۔ میں اپنے ساتھیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ جنوری میں اس کا پاکستان کا گرین کارڈ expire ہو جائے گا تو ہم اس کی renewal نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین! آج یہ جو debate ہو رہی ہے یہ جناب محترم صدر صاحب کے اس خطاب کے حوالے سے ہے جو کہ پاکستان کے کسی جائز منتخب صدر نے تقریباً کئی سالوں بعد پارلیمنٹ سے خطاب کیاہے۔ اس سے پیشتر آٹھ سال پہلے ایک قابض، ڈکٹیٹر، آمر، جابرشخص نے بھی پارلیمنٹ سے خطاب کیا تھا اور اس کو پارلیمنٹ میں اس قدر بے عزت کیا گیا تھا کہ اس کے بعد آٹھ سال تک اس کو جرات نہیں ہوئی کہ وہ پارلیمنٹ کے دروازے کی طرف آئے۔ عام طور پر فوجی ڈکٹیٹر پارلیمنٹ کے دروازوں سے پھلانگ کر اندر داخل ہوتے ہیں اور پارلیمنٹ کے دروازے بند کردیتے ہیں جیسا کہ ہمارے ساتھ بارہ اکتوبر 1999 کو ہوا تھا۔ جناب صدر نے جب یہ خطاب کیا اور بڑی مدت کے بعد کسی منتخب صدر نے منتخب ایوان سے خطاب کیاتو اس میں انہوں نے ثابت کیا کہ وہ اس پارلیمنٹ کی حیثیت کو تسلیم کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں اس پارلیمنٹ کے سامنے اپنے وہ تمام اختیارات surrender کرنے کے لیے تیار ہوں جوکہ سترھویں ترمیم میں ہیں 58(2)(b) میں ہیں اور اس کے علاوہ اور بہت سے اختیار جو کہ آئین میں زبردستی کی ترامیم ، غیرجمہوری ترامیم کرکے صدر کو دیے گئے ہیں اور 1973 کے آئین کی شکل بگاڑ دی گئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ میں یہ اولین صدر ہیں جنہوں نے پیشکش کی ہے پارلیمنٹ کو کہ آپ اگر مجھ سے کچھ لینا چاہتے ہیں ، میرے اختیارات میں کچھ کمی کرنا چاہتے ہیں تو کیجیے۔اب یہ پارلیمنٹ کا کام ہے،صدر کا کام نہیں ہے۔ یہ ہماری

حکومت کا کام ہے کہ ہم اپنا constitutional package جس کا بہت ذکر ہوا ہے، پارلیمنٹ میں لائیں اور اس پر بحث ہو اور اس میں ہم سے میثاق جمہوریت کے حوالے سے جو وعدے کیے گئے تھے ۔ ان میں یہ بھی وعدہ تھا کہ ہم اس پارلیمنٹ میں صدر کے اختیارات کو کم کریں گے اور منتخب وزیراعظم کے اختیارات زیادہ ہوں گے۔ میثاق جمہوریت میں ہم سے یہ بھی وعدہ کیا گیا تھا ، جس پر پاکستان کی تقریباً نوے فیصد جماعتوں نے دستخط کیے تھے کہ Provincial autonomy زیادہ سے زیادہ صوبوں کو دی جائے گی۔ وفاق کو slim کیا جائے گا۔ وفاق کے اخراجات کم کیے جائیں گے۔ وفاق کے پاس تین یا چار محکمے ہوں گے۔ جن میں Defence, Foreign Affairs اور کسی حد تک مواصلات ہیں۔ اس میثاق جمہوریت میں یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ صوبوں کے وسائل ان کے حوالے کئے جائیں گے۔ ہمیں خوشی ہے کہ جناب صدر صاحب نے کہا کہ اس حکومت نے بلوچستان کے جو واجبات وفاق کے ذمے تھے، سوئی گیس کی جو رائلٹی تھی اس میں انہوں نے خاصی رقم کئی ارب بلوچستان کو دیئے۔ ہمیں زیادہ خوشی ہوتی کہ صدر محترم ہمارے تقریباً سات کھرب روپے جو net profit کے حوالے سے hydro electricity کے net profit کے حوالے سے واپڈا کے ذمے ہیں وہ ہمیں دیتے جس کی guarantee 1991 میں صدر پاکستان نے لی تھی کہ اگر ادارہ نہیں دے گا تو حکومت دے گی لیکن ہمیں دکھ ہے کہ صدر کے خطاب میں اس حوالے سے کوئی بات نہیں ہوئی۔ ہمیں امید ہے کہ یہ ہماری اتحادی حکومت اس مسئلے کو جلدحل کرے گی کیونکہ یہ وہ آمدن ہے جس سے پختون خواہ کی حکومت کا سارا بجٹ چلتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! ہمیں اس بات کی خوشی ہے کہ صدر محترم نے اپنے خطاب میں ہمارے صوبے کو جس کو NWFP کہا جاتا ہے اس کی پختون خواہ کے حوالے سے بات کی اور نام دیا اور نہ صرف اس Joint Session میں بلکہ UNO میں بھی یہی بات کی کہ اس صوبے کا نام پختون خواہ ہے۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ جلد از جلد وہ آئینی ترمیم لائی جائے گی اور ہمارے صوبے کو ہمارا نام دیا جائے گا۔ Concurrent List کے خاتمے کا بھی ہم انتظار کر رہے ہیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ وفاق کے پاس صرف تین یا چار محکمے ہونے چاہئیں اور دوسری بات کہ اس ایوان کو زیادہ مضبوط بنایا جائے۔ سینیٹ کو زیادہ با اختیار بنایا

جائے۔ بجٹ سینیٹ سے بھی initiate ہو سکتا ہے لیکن جب تک بجٹ سینیٹ سے پاس نہ ہو یعنی ہم چاہتے ہیں کہ Money Bill سینیٹ میں بھی لایا جائے صرف قومی اسمبلی میں نہ لایا جائے اور اگر کوئی تضاد پیدا ہو تو پھر قومی اسمبلی اور سینیٹ کی مشترکہ کمیٹیاں مل کر ان مسائل کو حل کریں تاکہ اس ایوان کا زیادہ اختیار ہو۔ ایسا نہ ہو کہ ہم یہاں صرف تقریریں کرتے رہیں اور آپ کو ہم تقریریں سناتے رہیں لیکن اس کا فائدہ ہماری قوموں کو نہ مل سکے جن کی ہم نمائندگی کرتے ہیں۔

ایک جو اچھی بات ہوئی جس کا ذکر صدر صاحب نے اپنی تقریر میں کیا وہ دفاعی بجٹ کو پہلی دفعہ تقریباً 48 سال کے بعد یا پچاس سال کے بعد ایوان میں پیش کیا گیا۔ اگرچہ جو چیز پیش کی گئی وہ تو ایک صفحہ پر مشتمل تھی اور تین سطور پر مشتمل تھی لیکن ہم امید رکھتے ہیں کہ یہ ایک اچھی ابتداء ہے اور اگلے سال دفاعی بجٹ تفصیل کے ساتھ اس ایوان کے سامنے پیش کیا جائے گا اور دونوں ایوانوں کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ سب سے بڑی بات جو اچھی ہوئی اور انہوں نے اپنی تقریر میں اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ بند کمرے میں incamera تمام پارلیمنٹ بیٹھے اور ہمارے مختلف مسائل خصوصاً دہشت گردی کے حوالے سے' security کے حوالے سے اس پر بحث کرے۔ ہو سکتا ہے کہ تشنگی باقی ہو لیکن میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے بڑی ایماندارانہ طریقے سے کوشش کی اور جتنے دن بھی incamera اجلاس ہوتا رہا' زیادہ سے زیادہ معلومات پارلیمنٹ کے اراکین کو پہنچائی گئیں اور یہ بھی کوشش کی گئی کہ اراکین پارلیمنٹ جس طریقے سے چاہیں جو briefing ان کو دی گئی ہے اس پر تنقید بھی کر سکتے ہیں اور اس کی تائید بھی کر سکتے ہیں اور ایسا ہوا کہ اس کے نتیجے میں ایک مشترکہ چودہ نکاتی قرارداد آئی جو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی جمہوری تاریخ میں ایک بڑی اہمیت رکھتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اقتصادی صورت حال کا جناب صدر صاحب نے بھی ذکر کیا لیکن مجھے بہت دکھ ہوتا ہے کہ ہم اقتصادی صورت حال کی بدحالی کا ذکر کرتے ہیں۔ ہم بڑے دکھ سے کہتے ہیں کہ ہمیں قرضے چاہییں۔ ہم کبھی IMF کی طرف جاتے ہیں اور کبھی چین کی طرف جاتے ہیں' کبھی سعودی عرب کا پروگرام ہے' کبھی ترکی کی طرف جا رہے ہیں اور کبھی امریکہ سے request کر رہے ہیں لیکن ہمیں تو چاہیے' سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اگر ہماری

اقتصادی صورت حال خراب ہے' ہماری economy خطرے میں ہے۔ ہمارا روپیہ melt ہو رہا ہے تو ہمیں ایک full time, full fledge وزیر خزانہ چاہیے۔ بڑی عجیب بات ہے کہ ہم کسی banker کو لے آتے ہیں۔ لے آئیے advisor یہ آپ کا اختیار ہے لیکن ایک banker نے جو ہمارا خانہ خراب کیا ہے اور اپنا بریف کیس پکڑ کر واپس چلے گئے ہیں۔ ہم اسی نام کے ایک دوسرے banker کو advisor کے طور پر لے آئے ہیں۔ کیا پوری پارلیمنٹ میں' اتحادی پارٹیوں میں' آپ کی پارٹی میں کوئی ایسا شخص نہیں تھا کہ وزیر خزانہ کا role ادا کر سکے۔ اگر آپ وزیر خزانہ مقرر نہیں کرتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ serious نہیں ہیں۔

آپ اس ملک کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانے کے لئے serious نہیں ہیں کیونکہ ہمارے آئین میں بھی National Finance Commission ہے جس میں وفاقی حکومت کی طرف سے صرف وزیر خزانہ نمائندگی کر سکتا ہے۔ جب وزیر خزانہ نہیں ہو گا تو National Finance Commission complete نہیں ہو گا۔ یہ بڑی عجیب بات ہے۔ عجیب notification issue ہوا ہے کہ ایک advisor اور دوسرے advisor کو آپ نے اس میں شامل کر دیا ہے۔ آپ آئین کو دیکھ لیں جب تک وزیر خزانہ نہ ہو گا' وفاقی وزیر خزانہ جو کہ وفاق کی نمائندگی کرتا ہے' National Finance Commission مکمل ہو ہی نہیں سکتا ہے۔ آپ ایک یا دو زنانہ یا مردانہ جتنے بھی advisors بھیجیں National Finance Commission مکمل نہیں ہو گا۔ میں جناب قائد ایوان سے عرض کروں گا' صدا دوں گا کہ جو فیصلہ کرنے والی قوتیں ہیں ان تک یہ پیغام پہنچائیے کہ ہمیں ایک وزیر خزانہ چاہیے۔ ہمیں وزیر داخلہ چاہیے۔ ہمیں اور معاملات میں مکمل وزیر چاہئیں۔ وزیر جواب دہ ہیں۔ وزیر responsible ہیں کیونکہ وزیر عوام کے پاس جاتے ہیں اور ان کا الیکشن ہوتا ہے وہ ووٹ لیتے ہیں۔ Advisor کیا responsible ہے۔ چند سال آپ کے پاس تنخواہ پر کام کرے گا پھر بریف کیس سمیٹ کر چلا جائے گا۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب آپ اقتصادی معاملات میں serious ہیں اور صدر صاحب نے بھی اپنی تقریر میں اس کا ذکر کیا ہے تو آپ کو بھی میں یاد دلاتا ہوں کہ جناب وزیراعظم صاحب نے اپنی شاید پہلی تقریر میں فرمایا تھا کہ کوئی وزیر 1600 CC سے بڑی گاڑی استعمال نہیں کرے گا۔ اب مجھے بتائیں کہ کونسا وزیر ہے جو 1600 CC کی گاڑی استعمال کرتا

ہے تقریباً سب کے پاس Land Cruiser اور کسی کے پاس Mercedes گاڑیاں ہیں اور یہی صوبوں میں بھی ہو رہا ہے۔ صوبوں کے وزیروں کے پاس Mercedes گاڑیاں ہیں۔ اگر آپ عوام سے کفایت چاہتے ہیں، عوام سے قربانی کی بات کرنا چاہتے ہیں تو جو فیصلے آپ نے کئے ہیں تو ان پر تو عمل کریں تاکہ عوام کہہ سکیں کہ یقیناً ہمارے نمائندے اس پر عمل کر رہے ہیں۔ اب کرنسی کی حالت بڑی خراب ہے اور اس پر ڈار صاحب نے بھی کافی کہا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں عرض کروں گا کہ ہم باہر کی دنیا سے مانگ رہے ہیں۔ جیسا میں نے پہلے عرض کیا کہ IMF کے پاس جائیں گے۔ میرے خیال میں دس نمبر پر ان کے ساتھ ڈیڑھ ارب ڈالر پر فیصلہ بھی ہو جائے گا۔ ان کی ہم شرائط بھی مان لیں گے لیکن میرے پاس یہ ایک لسٹ ہے جو کہ چند دن پہلے اخبارات میں شائع ہوئی جس کے مطابق پاکستان کے سیاستدان، پاکستان کے تاجر، پاکستان کے بینکرز کے پاس باہر اربوں ڈالر پڑے ہوئے ہیں۔ اس ایوان میں سب ننگے ہیں۔ ہر پارٹی کے سیاستدان کے پاس اربوں ڈالر ان کی families یا ان کے ذاتی accounts میں پڑے ہوئے ہیں۔اس میں تاجروں کی لسٹ آئی ہے، سیاستدانوں کی بھی آئی ہے۔ Bureaucrats اور سابق bureaucrats کی بھی آئی ہے۔ بینکرز کی بھی آئی ہے۔ ایک banker کے اکاونٹ میں 2.5 ارب باہر پڑے ہوئے ہیں dollars not rupees. ایک سیاستدان ہیں ان کے اکاونٹ میں 1.8 ارب ڈالر پڑے ہوئے ہیں ان کا برسر اقتدار حکومت سے تعلق ہے۔ ایک دوسرے صاحب ہیں ان کے 1.4 billion dollar پڑے ہوئے ہیں۔ جو کل اتحاد میں پارٹی شامل تھی اس پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ پنجاب میں آج بھی ان کی حکومت ہے۔ پوری لسٹ اخباروں میں آئی ہے۔ کیا یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ ہم بجائے اس کے کہ IMF کے پاس جائیں، ایک زمانے میں اگر آپ کو یاد ہو کہ IRY والوں سے جا کر قرض لیا گیا تھا۔ ہم ان لوگوں سے کہیں کہ خیر ہے آپ ہم سے IMF کی نسبت 1% زیادہ لے لیں۔ آپ اپنے پاکستان کو قرض دیں۔ اپنے accounts سے 100% نہیں تو کم از کم 25% ہی دے دیں۔ اس لسٹ کے مطابق، اگر یہ لسٹ صحیح ہے، اگر یہ لسٹ درست ہے تو اس میں سے 25% بھی پاکستان کو transfer ہو جائے تو یقیناً ان دنوں میں جو پیسہ باہر گیا ہے واپس آ جائے گا۔

حکومت کہتی ہے کہ ہمیں 15 ارب ایک سال کے لیے چاہییں تو 30 ارب ڈالر سے زیادہ رقم پاکستان میں آسکتی ہے۔ میری درخواست ہے کہ اگر ہمارے قائد ایوان کا بس چلے تو وہ تمام پارٹیوں پرمشتمل ایک پارلیمانی میٹنگ بلائیں اور ان کے لیڈروں سے درخواست کی جائے کہ وہ اپنے پیسوں کا کچھ حصہ واپس پاکستان لائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، حاجی صاحب آپ اگر wind up کر دیں ---

سینیٹر حاجی محمد عدیل، آپ جناب! اگر چاہیں تو اس ہاؤس کو بھی wind up کر سکتے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: I am just requesting to give time to other speakers too.

سینیٹر حاجی محمد عدیل، جناب! میں نے پہلے بھی عرض کی کہ 1600 CC گاڑیوں پر عمل نہیں ہو رہا ہے۔ ہمارے وزیروں کے بنگلے جا کر دیکھیں۔ کیا کسی غریب ممالک کے بنگلے ایسے ہوتے ہیں؟ ان کا comparison India سے کرلیں۔ جب تک ہم فیصلے نہیں کریں گے۔ اب جناب! اس سلسلے میں اپریشن کرنا پڑے گا اور اس اپریشن کرنے کے لیے سب سے بڑی قربانی حکمران پارٹی کو دینی پڑے گی ' اس کے اتحادیوں کو دینی پڑے گی اور اس کے بعد پارلیمنٹ کے معزز اراکین اور ان کی پارٹیوں کو دینی پڑے گی۔ میں اپنی بات مختصر کروں گا۔

جناب صدر صاحب نے خواتین کے حقوق کا بڑے اچھے انداز سے اپنی تقریر میں ذکر کیا لیکن آج بھی آپ نے سنا کہ سندھ میں کیا ہوا' ایک سترہ سال کی بچی کو پہلے کتوں سے کٹوایا گیا اور پھر گولی مار کر مار دیا گیا۔ اس سے پہلے بلوچستان میں کیا ہوا؟ ہم روز خبریں سنتے ہیں اور ہم روز شور مچاتے ہیں لیکن آج تک کسی کو سزا نہیں ملی۔ جناب! جب تک کسی کو سزا نہیں ملے گی ایسے واقعات ہوتے رہیں گے۔

زراعت کے حوالے سے صدر صاحب نے کہا کہ ہم اس شعبے کو ترقی دینا چاہتے ہیں' یہ بڑی اچھی بات ہے۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ آپ زراعت کو ترقی دیں' جتنی بھی subsidy اسے دے سکتے ہیں اسے دیں۔ ایسٹ پنجاب میں ٹیوب ویلوں کے لیے بجلی مفت دی جاتی ہے لیکن

ایک بات میں ضرور کہوں گا۔ میں agriculture tax کے خلاف ہوں۔ میں زراعت کو subsidy دینے کے حق میں ہوں۔ جناب! میں یہ کہتا ہوں کہ زمینوں کا مالک چاہے وہ چند ایکڑ زمین کا مالک ہے یا ہزاروں ایکڑ زمینوں کا مالک ہے، وہ جو net profit کماتا ہے تو جس طرح ایک معمولی کلرک، ایک معمولی دکاندار، ایک ڈاکٹر، ایک استاد، ایک انجینئر، ایک پروفیسر اور ایک سرکاری ملازم یہ اپنی ایک خاص آمدنی کے بعد انکم ٹیکس دیتے ہیں انہیں بھی دینا چاہیے۔ میں agriculture tax کی بات نہیں کر رہا کیونکہ یہ ایک بڑا sensitive issue ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ agriculture سے حاصل شدہ آمدن پر اس سے بھی اسی شرح سے tax لیا جائے جس شرح سے ایک سرکاری ملازم سے لیا جاتا ہے، ایک دکاندار سے لیا جاتا ہے، ایک وکیل اور دوسرے سرکاری ملازمین سے لیا جاتا ہے۔ اگر ایک لاکھ یا دو لاکھ کی بنیادی آمدن پر معافی دوسرے شہریوں کو ملتی ہے تو اس کو بھی ملنی چاہیے۔ میں اس کی ایک مثال دیتا ہوں کہ industries کو اگر پانچ سال کے لیے tax free کیا جاتا ہے تو industry کے directors اگر اس سے منافع لیتے ہیں تو وہ tax free نہیں ہے۔ اگر industry کا منافع اسی پر لگتا ہے تو پھر اس پر tax نہیں لیا جاتا اگر اس کا منافع ڈائریکٹروں کی جیبوں میں چلا جائے تو وہ tax دیتے ہیں اور وہ ٹیکس اسی طرح دیتے ہیں جیسے پاکستان کا قانون ہے کہ ایک خاص حد تک ٹیکس معاف ہے اور اس کے بعد tax charge کیا جاتا ہے۔ جناب! میں agriculture income کی بات نہیں کر رہا ہوں، agriculture tax کی بات نہیں کر رہا ہوں۔ میں یہ کہتا ہوں کہ agriculture سے جو income مالک کو ملتی ہے اس پر income tax اسی شرح سے لگایا جائے جس شرح سے آپ دیتے ہیں، جس شرح سے میں دیتا ہوں اور جس شرح سے ہمارے دوسرے پاکستانی دیتے ہیں۔

میں آخر میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ آصف علی زرداری صاحب، صدر پاکستان نے اپنے خطاب میں بار بار اپنی پارٹی کے قائدین کا ذکر کیا ہے اور پاکستان کی ترقی اور پاکستان کی جمہوریت کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ہمارے لوگوں کو قائد اعظم محمد علی جناح اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی کے پاکستان پر یقین ہے اور ان کا پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ پاکستان جس کے لیے محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی زندگی قربان کر دی، بیشک انہوں نے درست کہا لیکن جناب چیئرپرسن! اس پاکستان کے لیے اور لوگوں نے بھی قربانیاں دی ہیں،

دوسرے قائدین نے بھی جانیں دی ہیں، اپنی زندگی کے پینتیس، پینتیس سال جیلوں میں گزارے ہیں، کاش صدر صاحب ان کا بھی ذکر کرتے۔ کاش صدر صاحب باچا خان مرحوم کا ذکر بھی کرتے، کاش وہ صدر صاحب شہید عبدالصمد خان اچکزئی، قوم پرست راہبر ملت خان عبدالولی خان، سندھ کے لیڈر جی۔ ایم۔ سید، عبدالمجید سندھی، حیدربخش جتوئی، میرغوث بخش بزنجو اور جناب عطاء اللہ مینگل جیسے راہنماؤں کا بھی ذکر کرتے۔ جناب! اگر قوم پرست راہنماؤں کا ذکر پاکستان کی تاریخ میں نہ ہوگا تو ہم پھر پاکستان کی تاریخ کو تسلیم نہیں کریں گے اور کبھی نہیں کریں گے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ مسز رزینہ عالم صاحبہ۔

سینیٹر رزینہ عالم خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب! کہ آپ نے مجھے صدر پاکستان جناب آصف علی زردای صاحب کے خطاب پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع عطا کیا۔ جناب چیئرمین صاحب! وہ خطاب جو 20 ستمبر کو ہوا وہ اپنی نوعیت کا واحد ایسا خطاب تھا جو کہ سولہ، سترہ سال کی تاریخ میں خاموشی سے سنا گیا۔ آئین کے آرٹیکل 56 کی یہ requirement ہے کہ صدر پارلیمنٹ کے joint session سے خطاب کرے لیکن جناب والا! خطاب کیوں کیا جاتا ہے؟ یہ اس لیے کیا جاتا ہے کہ وہ سنا جائے اور اگر معزز اراکین سننے کے لیے بھی تیار نہ ہوں اور ہاؤس میں کان پڑی آواز سنائی نہ دے، برے برے کلمات کہے جائیں تو پھر اس کا کیا فائدہ ہے۔ صدر محترم اور وزیر اعظم یہ لوگ (فرد کے علاوہ بھی) institutions ہوتے ہیں۔ میں یہ کہوں گی کہ اس میں یہ سب سے بہترین رویہ ہے۔ یہ قابل تعریف ہے اور جس میں political maturity نظر آئی ہے وہ اس پارلیمنٹ کے حزب اختلاف کا تھا اور اس کے لیے میں ان کے ایک ایک ممبر کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں کیونکہ انہوں نے خاموشی سے سنا، انہوں نے شور نہیں کیا۔ دیکھیں ہم جمہوریت کے علمبردار ہیں اور جمہوریت کا تقاضا ہے کہ اپنی بات بھی کہو اور دوسرے کی بات بھی سنو۔ دوسرے کا موقف بھی سنو چاہے کتنا بھی اختلاف رائے ہو۔ اختلاف رائے جمہوریت کی جان ہے لیکن اختلاف رائے کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے جیسے کہ ہمارے honourable leader of the House صاحب نے ابھی فرمایا کہ وہاں پر

مکے بھی چلتے ہیں، گھونسے بھی چلتے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ ہمیں ثابت کرنا ہے کہ ہم میں political maturity ہے اور ہم ایک تہذیب یافتہ قوم کے فرد ہیں۔ ہم ایک باوقار پارلیمنٹ کے رکن ہیں، یہ ثابت کرنے کے لیے ہمیں وہ رویہ ایک دلیل کے طور پر پیش کرنا ہوگا، صرف دعوے کام نہیں چلتا، دعوے کے لیے دلیل بھی ہونا ضروری ہوتی ہے۔

جناب والا ! صدر محترم نے اپنے خطاب میں دہشت گردی، انتہا پسندی، عدلیہ کی آزادی، جمہوریت کے فروغ، خارجہ پالیسی، دفاعی ضروریات، خواتین اور اقلیت کے حقوق غرض بہت سے جو issues ہیں ان کا احاطہ کیا ہے لیکن مجھے یہ دیکھ کر بڑی مایوسی ہوئی کہ ان کے پورے خطاب میں تعلیم کا کوئی ذکر نہیں تھا، تعلیم کے فروغ کے لیے، سائنس اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے کوئی جملہ نہیں کہا۔ جناب والا! یہ دور knowledge based economy and knowledge based society کا ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی میں آگے بڑھ کر ہی قومیں ترقی یافتہ کہلاتی ہیں لیکن یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ صدر صاحب نے اس کا ذکر تک نہیں کیا گیا اور تعلیم کے لیے پالیسی یا guideline نہیں دی گئی۔ جناب! آپ جانتے ہیں کہ ہمارا ملک تعلیمی لحاظ سے ترقی یافتہ ملکوں میں شمار نہیں ہوتا۔ یہاں پر خواندگی کی شرح 54% ہے۔ ہمارے ہاں صرف 3.9% لوگ higher education میں جاتے ہیں۔ ہمارے ہاں drop out rate 35% سے بھی زیادہ ہے۔ ہمارے سکولوں میں 54 ہزار سکول ایسے ہیں جہاں boundary walls نہیں ہیں، 47 ہزار میں پینے کا پانی نہیں ہے، 81 ہزار سکولوں میں بجلی کا connection نہیں ہے۔ ستاون ہزار میں bath rooms نہیں ہیں اور دس ہزار سکول بغیر چھتوں اور بغیر دیواروں کے ہیں۔

جناب والا! اس صورتحال میں میری تعلیم کے شعبے کے لیے کچھ تجاویز ہیں، میں چاہتی ہوں کہ ہمارے صدر محترم اگلے سال اپنے خطاب میں ان چیزوں کو شامل کریں۔ ملک میں فوری طور پر تعلیمی ایمرجنسی نافذ ہونی چاہیے۔ آج کل جو حال ہے، مجھے بہت افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ ملک میں، ہماری وفاقی حکومت میں وزیر تعلیم نہیں ہیں۔ HEC ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔ تعلیمی بجٹ میں کٹوتی کی جارہی ہے۔ تعلیمی اداروں کی طرف کوئی خاص دھیان نہیں دیا جارہا کیوں کہ policy guideline وزراء دیتے ہیں اور پنجاب میں بھی تعلیم کا کوئی وزیر نہیں

ہے۔ اس کے علاوہ تعلیم کا محکمہ کسی کو additional charge کے طور پر بھی نہیں دیا گیا بلکہ وہ ایک لاوارث محکمہ ہے۔ میری آپ کے توسط سے صدر مملکت سے یہ گزارش ہے کہ تعلیم کی طرف توجہ دی جائے۔ اس میں وزراء کو تعینات کیا جائے۔ کابینہ کی تشکیل میں وزیر تعلیم اس شخصیت کو رکھا جائے جس کا تعلیم سے بھی کوئی تعلق رہا ہو اور جو تعلیم کے شعبے کو آگے بڑھائے۔

آج ہم اگر ایک nuclear state ہیں تو وہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں ترقی کی وجہ سے ہیں۔ مجھے یہ کہنا ہے کہ اس محکمے کی طرف بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ جیسا کہ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں بھی ایک بات کہی کہ پاکستان کے لیے میرا ایک تصور اور ایک خواب ہے کہ میں وطن عزیز کو افلاس، بھوک، دہشت گردی اور تفرقہ سے پاک کروں۔ جناب والا! ان کے اس خواب کی تعبیر تعلیم کے میدان میں ترقی کے بعد ہی پوری ہوسکتی ہے جیسا کہ ہمارے قائد اعظم نے پہلی تعلیمی کانفرنس میں، جو نومبر 1947 میں منعقد ہوئی تھی، فرمایا، میں quote کروں گی، "آپ جانتے ہیں کہ صحیح قسم کی تعلیم کی اہمیت پر جتنا زور دیا جائے کم ہے۔ اگر ہمیں حقیقی ترقی کرنی ہے تو ہمیں سنجیدگی کے ساتھ تعلیم کے مسائل کو حل کرنا چاہیے۔"

جناب والا! اس پاکستان کو قائد اعظم کے خوابوں اور صدر مملکت کے خواب کے مطابق بنانے کے لیے تعلیم کو خصوصی توجہ دی جائے۔

دوسری بات میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ صدر محترم نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم ماضی کی تلخیاں بھلا کر قومی یکجہتی، مفاہمت اور ہم آہنگی کو لے کر آگے بڑھیں۔ یہ ایک بہت اچھی بات ہے لیکن اس کا عملی مظاہرہ بہت ضروری ہے۔ جیسا کہ ہمارے ایک honourable colleague نے ابھی کہا کہ جب تک ہم اس پر عمل نہیں کریں گے، اس کا نتیجہ نہیں نکلے گا۔ قومی یکجہتی کی آج جتنی ضرورت ہے، اس سے پہلے کبھی نہیں تھی۔ میں یہ کہوں گی کہ اب ہمیں الزام تراشیاں اور blame game کو چھوڑ کر ہمیں دیکھنا ہے کہ ہمارے ملک میں کیا کیا challenges ہیں جن کا ہمیں سامنا ہے۔ جناب والا! جتنے challenges آج ہمارے سامنے ہیں، پہلے کبھی نہیں تھے۔ اگر ہم مل کر ان کو حل کرنے کی کوشش کریں تو یہ صدر صاحب کے خطاب کی اصل روح ہوگا اور اسی کی ہی ترجمانی ہوگی۔ اس کے لیے میری ایک تجویز

ہے کہ قومی حکومت کی تشکیل جس کا اکثر ذکر ہوتا ہے کی جائے۔ سب مل کر اس ملک کے challenges کا مقابلہ کریں اور جیسا کہ ابھی ہمارے honourable member نے بھی بات کہی کہ party politics سے بالاتر ہو کر ہم یہ کام کریں۔

جناب والا! اس کے علاوہ ہمارے صدر صاحب نے اپنی تقریر میں یہ بھی فرمایا ہے' I quote کہ کوئی بھی حکومت ایسے حالات میں کہ اس کے عوام بھوک کا شکار ہوں' زندہ نہیں رہ سکتی۔ حکومت کے سامنے فوری حل طلب مسئلہ مہنگائی کے ستائے ہوئے عام آدمی کو غذائی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ جناب والا! بھوک اور غربت کو مٹانے کے لیے' ٹھیک ہے محترمہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام جو انہوں نے شروع کیا ہے وہ ایک relief تو دے سکتا ہے لیکن اس کے لیے long term اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے میں کہوں گی کہ جو ہمارا poverty reduction یا poverty alleviation کے papers ہیں جو حکومت نے تیار کیے ہیں' اس کے مطابق کوئی solid program کوئی solid projects شروع کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ملک سے غربت اور بھوک کا خاتمہ ہو۔ میری تجویز ہے کہ اس کے لیے علیحدہ سے دو تین دن رکھے جائیں تاکہ ہم اس پر discuss کریں کہ کس طرح ملک سے غربت کے خاتمے کے لیے قدم اٹھائے جائیں۔ جیسا کہ میں نے کہا کہ اس پر بھی implementation کی ضرورت ہے اور monitoring کی ضرورت ہے۔ یہ نہیں کہ ہم ایک چیز کا صرف اعلان کردیں یا اس کے لیے scheme بنا دیں۔ سکیمیں تو ہمارے ہاں بہت اچھی بن جاتی ہیں لیکن جب اس پر عمل درآمد کا وقت آتا ہے' جب اس پر monitoring and evaluation کا وقت آتا ہے تو اس وقت بہت سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

میں آخر میں صدر صاحب کے خطاب سے ایک اور quotation کا ذکر کروں گی' انہوں نے آخر میں فرمایا کہ' "آئیے متحد ہوکر عہد کریں کہ ہم ایک محفوظ' مضبوط اور خوشحال پاکستان تعمیر کریں گے۔" جناب والا! مضبوط' محفوظ اور خوشحال کے ساتھ خود مختار پاکستان کا لفظ بھی شامل ہونا چاہیے کیوں کہ یہ وقت ایسا ہے کہ ہماری خود مختاری پر حملے ہورہے ہیں' ہماری خود مختاری پر ضرب کاری لگائی جارہی ہے۔ اس کے لیے ہمیں ایک مضبوط' خوشحال' محفوظ اور خود مختار پاکستان کی تعمیر کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ اس میں جو ایک جملہ کہا گیا ہے کہ عہد

کریں، جناب والا! بہت عرصے سے ہم عہد کر رہے ہیں، تجدید عہد بھی کر رہے رہیں لیکن اب وقت ایفائے عہد کا ہے کہ ہم اپنے عہد پورے کریں اور ہم اپنے عہد پورے کرنے کے لیے آگے بڑھیں۔ شکریہ چیئرمین صاحب۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ جی۔ جناب لیاقت علی بنگلزئی صاحب۔

سینیٹر لیاقت علی بنگلزئی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین، سب سے پہلے میں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں اس سیٹ پر بیٹھنے کی۔ پہلی مرتبہ میں آپ کو دیکھ رہا ہوں۔ میری طرف سے دلی مبارکباد قبول فرمائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ جی۔

سینیٹر لیاقت علی بنگلزئی: یہ مسائل تصوف یہ تیرا بیان غالب۔ تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مجھے کہہ رہے ہیں یا اپنی تقریر کا آغاز کر رہے ہیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگلزئی: جناب! میں یہ صدر محترم صاحب کے بارے میں کہہ رہا ہوں۔ جناب چیئرمین! مجھے اس دن انتہائی افسوس ہوا، آپ یقین کریں میں اس کیفیت سے اب بھی نکل نہیں پایا ہوں، جب انہوں نے معاہدہ بھوربن کو سیاسی معاہدہ کہا یعنی انہوں نے ہمارے منہ پر ایک ایسا طمانچہ رسید کیا کہ سیاسی میدان کا مجھ جیسا ایک ادنیٰ کارکن ابھی تک انہی حیرتوں میں ڈوبا ہوا ہے کہ واقعی یہ سیاسی معاہدے اسی طرح ہوتے ہیں۔ آپ معاہدہ کرکے اس کے بعد کہیں کہ یہ کوئی وحی نہیں، کوئی حدیث نہیں، یہ ایک سیاسی معاہدہ ہے۔ یعنی گویا سیاستدان جھوٹے ہوتے ہیں۔ یقین کیجیے میں ابھی تک اس کیفیت سے نکل ہی نہیں پارہا انہوں نے جو comments ہمارے متعلق کہے۔

جناب چیئرمین! میں لمبی چوڑی تقریر نہیں کروں گا۔ صرف چند ایک سوالات جو کہ صدر مملکت کے مشترکہ اجلاس کے موقع پر ان کی تقریر کے دوران میرے ذہن میں آئے، ان کو میں اس ایوان میں share کرنا چاہتا ہوں۔ جناب چیئرمین! یہاں ہمارے ایوان میں بیٹھے

اراکین جن کا تعلق خواہ right سے یا left سے ہو' اس بات کی گواہی دیں گے کہ جب 12 مئی کو کراچی میں افسوس ناک واقعہ ہوا' 17 جولائی کو جو وکلاء پر اندھا دھند گولیاں برسائی گئیں اور خود 27 دسمبر کو شہداء لیاقت باغ کہ جس میں ہماری نہ صرف پاکستان کی بلکہ ایشیا اور پوری دنیا کی ایک سیاستدان شہید ہوگئیں' اس کے قاتلوں کے خلاف سال' سوا سال کا عرصہ گذرنے کے باوجود' ان تینوں بڑے بڑے چیدہ چیدہ واقعات کا میں حوالہ دے رہا ہوں کہ جو لوگوں کے ذہنوں سے ابھی تک محو نہیں ہوئے' چھوٹے موٹے واقعات تو سینکڑوں ہوئے ہیں' ان پر آج تک کیا کارروائی کی گئی ہے؟ یہ میرا پہلا سوال ہے۔ اس کے علاوہ صدر مملکت نے اپنی تقریر میں یہ واضح کیا کہ وہ اور ان کی حکومت اپنے فرائض ادا کرتے ہوئے ہمیشہ پارلیمنٹ سے رہنمائی حاصل کرتے رہیں گے۔ بڑی اچھی بات ہے۔ انہوں نے آ کر مشترکہ اجلاس میں تقریر کی اس میں انہوں نے قوم کو کچھ' guideline تو میں نہیں سمجھتا کہ دے دی لیکن انہوں نے باتیں بڑی خوب صورت کیں۔

پارلیمنٹ کے بارے میں انہوں نے فرمایا کہ اس سے رہنمائی لوں گا اور پارلیمنٹ یعنی قومی اسمبلی اور سینیٹ دونوں ادارے شامل ہیں' نے ایک joint قرارداد پاس بھی کی۔ اس کے بعد آج تک تقریباً آٹھ' نو مرتبہ ہماری وحدت' سالمیت' استحکام کی دھجیاں اڑائی گئیں۔ پہلے اگر وہ صرف افغانستان سے میزائل پھینکتے تھے تو اب سرحد پار کر کے ہمارے اپنے ملک میں آ کر ہمارے مدارس کے چھوٹے چھوٹے تیرہ' سترہ اور اٹھارہ سال بچوں کو شہید کر رہے ہیں۔ اس پر انہوں نے کیا عملی اقدام اٹھایا ہے؟ صرف قرارداد پاس کرنے سے تو وہ حملے نہیں رکتے۔ اس کے لیے ہمیں چاہیے کہ باقاعدہ عملی صورت میں ہم ان کے جہازوں کو مار بھگائیں۔ میں اکثر یہ کہتا ہوں کہ شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہوا کرتی ہے۔ وہ ہمیں ہی ماریں گے جواب میں' جب ایک طرف ہمارے اپنے مسلمان بھائی مر رہے ہیں' چھوٹے چھوٹے معصوم بچے مر رہے ہیں' ہلاکتیں ہو رہی ہیں۔ ان کے گھروں پر bombardment کر کے انہیں مسمار کیا جا رہا ہے تو اگر ہم پر حملہ کیا گیا اور ہم بھی مر گئے تو اس میں کیا قباحت ہے لیکن کم از کم ہم شیر کی ایک دن کی زندگی تو اپنائیں اور ان کو منہ توڑ جواب دیں۔ ہم نے اتنے بڑے جو سفید ہاتھی پال رکھے ہیں' یہ کس دن کے لیے ہیں۔ ان ہی دنوں کے لیے۔ قوم کا پیٹ کاٹ

کر اور عوام کی قربانیاں لے لے کر ہم اسلحہ جمع کر رہے ہیں اور پھر اس اسلحہ کو زنگ لگ رہا ہے، اس میں کیڑے پڑ رہے ہیں تو کم از کم وہ اپنے ان لفظوں کی پاسداری ضرور کریں کہ پارلیمنٹ جو بھی فیصلہ کرے اس پر عملدرآمد کرانا بحیثیت ایک صدر مملکت ان کا اخلاقی، قانونی، آئینی اور سیاسی فریضہ ہے۔

جناب والا! انہوں نے فرمایا ہے کہ وطن میں افلاس، بھوک، دہشت گردی اور تفرقے سے پاک ایک معاشرہ قائم کیا جائے گا۔ جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہوگا جس دن یہاں پیپلزپارٹی کی حکومت قائم نہیں ہوئی تھی ہمیں اٹھارہ سو روپے میں گندم کی ایک بوری ملتی تھی، آج چھتیس سو روپے میں بھی ہمارے گھروں میں آٹا نہیں ہے۔ یہ بھوک اور افلاس تو مزید بڑھ گیا ہے۔ آپ کو چاہیے کہ ان کو subsidize کرکے دوسرے ملکوں سے، افغانستان کو آپ دے رہے ہیں تو ہماری cost پر دے رہے ہیں۔ آپ ان سے کہیں کہ روس سے معاہدہ کریں یا کسی اور سے معاہدہ کریں۔ ہندوستان سے آپ ہمارے نام پر گندم لے رہے ہیں اور بھیج رہے ہیں افغانستان کو، smuggling کا بازار لگا ہوا ہے۔ یہ کیا بات ہے۔ میں اس وقت عوام کا نمائندہ ہوں، کسی کا ذاتی نمائندہ نہیں ہوں۔ میں اپنی جماعت کا نمائندہ ہوں، میری جماعت چاہتی ہے کہ لوگوں کو انصاف ملے، غربت ختم ہو۔ بھوک اور افلاس ختم ہو، بیماریاں ختم ہوں، تعلیم عام ہو، سڑکیں بنیں، پل بنیں۔ صرف lip service سے تو کچھ نہیں ہوگا ۔ زبانی، کلامی جمع خرچ کرنے سے کہ یہ کریں گے، وہ کریں گے یہ میرے خیال میں عوام کو صرف دھوکا دینے کے مترادف اقدامات ہیں ان میں کوئی سچائی نہیں ہے۔

جناب والا! انہوں نے بلوچستان کے عوام سے معافی مانگی ہے۔ ٹھیک ہے ہم نے معاف کیا لیکن ہمارے صرف گیس surcharge کے جو آٹھ سو ارب روپے آپ کے ذمہ ہیں، اس میں سے تین ارب روپے، وہ بھی دس دفعہ بلوچستان کی پوری کابینہ یہاں آئی ہے، یہاں سے بلوچستان کے ممبران قومی اسمبلی اور سینیٹرز ان کے ساتھ مل کر گئے ہیں، وزیر اعظم صاحب سے اسی چیمبر میں ملے ہیں، تب جا کر ہمیں تین ارب روپے ملے۔ کہاں ہمارے آٹھ سو ارب روپے اور کہاں تین ارب روپے۔ اقتصادی طور پر تو ہماری یہ حالت ہے کہ بلوچستان میں آج آپ یقین کریں لوگوں کے پاس پہننے کے لیے کپڑے تک نہیں ہیں۔ اب جیسے ہی اکتوبر

شروع ہوا وہاں گیس کی لوڈ شیڈنگ شروع ہے۔ اس وقت آپ وہاں جائیں' وہاں minus, zero or minus one تک موسم پہنچ چکا ہے اکتوبر کی چوبیس تاریخ کو جبکہ سردی کے دن تو نومبر' دسمبر' جنوری' فروری آگے آنے والے ہیں۔ انہوں نے اصلاح احوال کے حوالے سے معافی مانگ لی چلیں ہم حکومت کے دوسرے قدم سے بھی دیکھتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، بنگزئی صاحب! آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب والا! آزاد عدلیہ کے سلسلے میں انہوں نے فرمایا تھا کہ ملک میں انصاف قائم کرنے کے لیے آزاد عدلیہ قائم کریں گے اور پتا نہیں کیا سے کیا خواب دکھا رہے ہیں' وہ پورے کریں گے لیکن جناب والا! ہماری ایک گزارش کہ آپ تین نومبر سے پہلے کی عدلیہ بحال کریں جو آپ نے وعدہ کیا تھا اور جس میں آپ کی leadership بہ نفس نفیس چیف جسٹس صاحب کے ولاز میں جا کر انہوں نے تقریر کی کہ چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری پیپلز پارٹی کا چیف جسٹس ہے۔ یہ بےنظیر صاحبہ کا چیف جسٹس ہے' یہ میاں رضا ربانی صاحب کا چیف جسٹس ہے' انہوں نے یہ کبھی نہیں کہا کہ لوگوں نے ہمیں روٹی کپڑا اور مکان کے لیے ووٹ دیے ہیں۔ روٹی کپڑا اور مکان کے لیے یقیناً جو آپ کا منشور ہے اس کے لیے لوگوں نے ووٹ دیے ہوں گے لیکن جن دنوں وکلا کی تحریک چل رہی تھی اور جن دنوں وہ اپنے عروج پر تھی انہی دنوں میں محترمہ نے یہاں آ کر تقریر کی تھی۔

جناب والا! صدر صاحب نے ہمارے ساتھ تین وعدے کیے کہ عدلیہ کو بحال کریں گے' سترہویں ترمیم کو ختم کریں گے اور 58 (2) b کو بھی ختم کریں گے۔ اس پر عملی اقدامات کے لیے قوم شدت سے منتظر ہے۔ مجھے بخدا کبھی کبھی افسوس ہوتا ہے کہ کل تک جب اس طرف بیٹھے ہوئے تھے تو اس وقت ہمیں سترھویں ترمیم میں بھی کیڑے نظر آتے تھے' 58 (2) b میں بھی کیڑے نظر آتے تھے' عدلیہ میں بھی' آج جب ہم اس طرف آئے ہیں تو ہمارے لیے سب کچھ بہتر ہوگیا ہے' ہم سارے وعدے بھول گئے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے؟ ہم کیوں بھول گئے؟ کیا لوگوں نے ہمیں صرف چند مراعات کے لیے ووٹ دیے ہیں اور مراعات کیا ہیں؟ ہم چاہتے ہیں کہ لوگوں کو انصاف ملے' 58 (2) b ختم ہو۔ سترھویں ترمیم ختم ہو۔ یہ

لوگوں کے حقیقی مسائل ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اسی کے ساتھ قائد ایوان کی خدمت میں دست بستہ' یہ پوری ذمہ داری میں ان کی قرار دیتا ہوں' ہمارے جو تمام جذبات ہیں یہ انہیں حکومت تک پہنچانے چاہیئں۔ ہم ان بنچوں پر اس لیے نہیں بیٹھے کہ ہمیں کوئی وزارت چاہیے' کوئی سفارت چاہیے کوئی گاڑی چاہیے' نہیں وہ تو ہمیں اس طرف بھی ملے گی۔ آپ یقین کریں کہ جب ہم حزب اختلاف میں ہوتے تھے تو یہ جو قرعہ اندازی ہوتی تھی جو حاجی جاتے تھے' ہم حزب اختلاف میں بیٹھ کر ساٹھ ساٹھ لوگوں کو بھیجتے تھے۔ اب صرف دس حاجیوں کا کوٹہ ملا ہے' لوگوں کا ایک ہجوم ہمارے سر پر سوار ہے۔ وزیر اعظم صاحب کے پاس ڈیڑھ مہینے سے ہماری فائلیں پڑی ہوئی ہیں کسی کو توفیق ہی نہیں ہوتی کہ ان کو دیکھ لے۔ یہ کیا ہے؟ آخر ہم کہاں جائیں؟ ہم تو عوام کے نمائندے ہیں کسی کے ذاتی نمائندے نہیں ہیں کہ کسی نے ہم پر احسان کیا ہے یا میں کسی پر احسان کر رہا ہوں۔ ہمیں تو عوام کا ترجمان بن کر یہاں اپنی بات کہنی ہے۔ وما علینا الا البلاغ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Bangulzai Sahib. We conclude the night business. *Insha Allah*, we are going to meet tomorrow at 10.a.m. Thank you.

(The House was then ad journed to meet again on Tuesday28th October2008 at 10.a.m.)